بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
صباء
کوئٹہ
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE: 0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com
جلد نمبر 22 | جمعہ 04 ستمبر 2026 | 21 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 171

# پاک افغان سرحد کے قریب دہشتگردوں کی ملک میں داخلے کی کوشش ناکام، 15 دہشتگرد ہلاک

## افغان طالبان حکومت موثر سرحدی انتظام یقینی بنانے اور اپنی بین الاقوامی ذمے داریوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ آئی ایس پی آر نے واضح کیا کہ سیکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع کے لیے پرعزم ہیں

## خوارج سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے، بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کو ختم کرنے کے لیے کلیئرنس آپریشن بھی کیا جا رہا ہے۔ ملک میں امن و استحکام کو دہشت گرد سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے تھے

راولپنڈی (این این آئی) پاک افغان سرحد کے قریب فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، فورسز کے کارروائی کے نتیجے میں پندرہ دہشتگرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق ڈپٹی اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل اور سردار محمد حنیف خان موسیٰ خیل ملاقات کر رہے ہیں

## دہشتگرد عناصر کو پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی

صدر زرداری

### بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کو پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، آصف علی زرداری

### دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے تک سیکیورٹی فورسز کی انسداد دہشت گردی کی عزم استحکام مہم پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رہے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کو پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ جمعرات کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری کے طور پر یقینی بنایا جائے، محمود خان اچکزئی

### دہشت گردی و جرائم کے خاتمے کے لیے قانون کے مطابق بلا امتیاز، موثر اور مستقل کارروائی کی جائے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی دعوت پر پشتون جرگہ منعقدہ 11، 14 مارچ 2022 کے فیصلوں کی روشنی میں 30، 31 اگست

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## زیارت کراس کے قریب ایف سی کانوائے پر گھات لگا کر حملہ، 6 اہلکار شہید

### کچ موڑ کے مقام پر فائرنگ کا تبادلہ جاری، ایف سی کی ایک گاڑی جلا دی گئی

کوئٹہ (یو این اے) زیارت کراس سے زیارت کی جانب تقریبا 4 سے 5 کلومیٹر آگے کچ موڑ کے علاقے میں فرنٹیئر کور کے کانوائے پر گھات لگا کر حملہ

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## سیرت نبوی ﷺ ہمارے لئے مکمل ضابطہ حیات اور دنیا و آخرت میں کامیابی کا حقیقی راستہ ہے، سیدال خان

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پوری قوم یکسو اور متحد ہے، حنیف عباسی

### بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 15 دہشتگردوں کو انجام تک پہنچانا سیکیورٹی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت ہے

### پاکستان کے امن اور استحکام کو نقصان پہنچانے والے بیرونی سرپرستی یافتہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ہر محاذ پر اسی طرح ناکام بنایا جاتا رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد پر خارجی عناصر کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم یکسو اور متحد ہے اور دشمن کے ہر وار کو ناکام بنانے کے لیے سیکیورٹی اداروں کی پشت پر کھڑی ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ بروقت کارروائی کے دوران بیرونی اور بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 15 دہشت گردوں کو انجام تک پہنچانا سیکیورٹی فورسز

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف جناح میڈیکل کمپلیکس و ریسرچ سینٹر اسلام آباد فیڈرل گورنمنٹ پولی کلینک فیز کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

### صادق عمرانی نے بلوچستان کے عوام اور اسلام آباد جانے والے وفد کی دل آزاری کی، اس لیے گزشتہ اجلاس میں استعمال کیے گئے متنازع الفاظ اسمبلی کی کارروائی سے حذف کیے جائیں۔ اسلام آباد کانفرنس میں سب کو عزت دی گئی، صادق عمرانی نے نامناسب الفاظ استعمال کیے

# بلوچستان میں بعض سیاسی عناصر دہشتگردوں کی حمایت کر رہے ہیں

اراکین بلوچستان اسمبلی

### اجلاس میں متعلقہ وزرا کی عدم موجودگی کے باعث بعض سوالات کو مؤخر کر دیا گیا، جبکہ غیر قانونی ٹرالنگ، اندرون ملک فضائی رابطوں، منشیات کے خاتمے، کینسر کے علاج، سندھ میں پشتون تاجروں کیخلاف مبینہ کارروائیوں اور دیگر امور سے متعلق قراردادیں پیش کر کے منظور کر لی گئیں

### سندھ کے ساحل کو بانجھ کرنے کے بعد ٹرالر بلوچستان کی سمندری حدود میں آ کر مچھلی کا شکار کر رہے ہیں۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے ماہی گیری برکت رند نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ان کے دور میں 20 سے زائد ٹرالر پکڑے گئے ہیں اور بلوچستان کی سمندری حدود میں ٹرالرز کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیرصدارت ایک گھنٹے کی تاخیر سے شروع ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ وزرا کی عدم موجودگی کے باعث بعض سوالات کو مؤخر کر دیا گیا، جبکہ غیر قانونی ٹرالنگ، اندرون ملک فضائی رابطوں، منشیات کے خاتمے، کینسر کے علاج، سندھ میں پشتون تاجروں کے خلاف مبینہ کارروائیوں اور دیگر امور سے متعلق قراردادیں پیش کر کے منظور کر لی گئیں۔ اجلاس کے دوران محکمہ ماہی گیری میں غیر قانونی ٹرالنگ کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن نے پیش کیا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ محکمہ ماہی گیری غیر قانونی ٹرالنگ روکنے میں ناکام ہو چکا ہے اور سندھ سے آنے والے ٹرالر بلوچستان کے ساحل سے سالانہ تقریبا 200 ارب روپے کی مچھلی لے جاتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ کے ساحل کو بانجھ کرنے کے بعد ٹرالر بلوچستان کی سمندری حدود میں آ کر مچھلی کا شکار

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## آزاد کشمیر کی ترقی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائے گا

شہباز شریف

### آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، امیر مقام سے گفتگو

### قائد محمد نواز شریف کے وژن اور رہنمائی کے تحت آزاد کشمیر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کے وژن اور رہنمائی کے تحت آزاد کشمیر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر نے وزیراعظم کو آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان سے متعلق امور، بالخصوص جاری ترقیاتی منصوبوں اور

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## پاک افغان سرحد پر دہشتگردوں کی دراندازی ناکام، بلاول بھٹو کا سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

### بھارتی اسپانسرڈ 15 دہشتگردوں کی ہلاکت فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بہادری کا مظہر ہے، دہشتگردوں کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات ناگزیر

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پاک افغان سرحد پر دہشتگردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے اور کارروائی کے دوران 15 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ بلاول

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## دعوے سے بڑھ کر ریلیف نہیں دے سکتے، اپیلٹ کورٹ نیا کیس تشکیل نہیں دے سکتی، سپریم کورٹ

### اپیلٹ کورٹ بھی مکمل انصاف کے لیے حکم، فیصلے یا ڈگری میں ترمیم کر سکتی ہے

اسلام آباد (یو این اے) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ کسی فریق کو ایسا ریلیف نہیں دے سکتے جو دعوے میں واضح طور پر طلب ہی نہ کیا گیا ہو، اپیلٹ کورٹ بھی مکمل انصاف کے لیے حکم، فیصلے یا ڈگری میں ترمیم کر سکتی ہے تاہم ایسا کرتے ہوئے نیا کیس یا

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## صوبائی وزیر صادق عمرانی کیخلاف بلوچستان اسمبلی میں مذمتی قرارداد پیش

### مشترکہ قرارداد اپنے پارٹی کے علی مدد جتک سمیت دیگر ارکان نے پیش کر دی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر صادق عمرانی کے خلاف مشترکہ مذمتی قرارداد پیش کر دی گئی، جس میں 31 اگست کے اسمبلی اجلاس کے دوران ان کی تقریر میں استعمال کیے گئے الفاظ کی مذمت کرتے ہوئے انہیں اسمبلی کی

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## حکومت کا پیپلز پارٹی سے بیک ڈور رابطہ، قانون سازی میں تعاون کی درخواست

### پیپلز پارٹی کی معذرت، پارلیمان میں عدم تعاون کی اپنی پالیسی برقرار رکھنے کا فیصلہ، پارلیمنٹیرینز کو پارٹی پالیسی پر واضح ہدایات جاری

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے پارلیمان میں قانون سازی کے لیے مطلوبہ تعاون حاصل کرنے کی ایک اور کوشش کرتے ہوئے پیپلز پارٹی سے بیک ڈور چینل کے ذریعے رابطہ کیا ہے، تاہم پیپلز پارٹی نے حکومتی قانون سازی میں تعاون سے ایک بار پھر معذرت کرتے ہوئے پارلیمان میں عدم تعاون کی اپنی پالیسی برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے جماعت اسلامی کی تجاویز پر بھرپور طریقے سے عمل کرے گی، وفاقی وزرا

### دھرنے ذاتی مقصد کیلئے نہیں عوامی مفاد ایجنڈا ہے، حکومت کیساتھ بات چیت جاری رکھنے کیلئے تیار ہیں، حافظ نعیم الرحمان

لاہور (آن لائن) حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان مذاکرات کامیاب ہو گئے، دونوں فریقین نے ایک دوسرے کی تجاویز سننے اور آئندہ کا لائحہ عمل تشکیل دینے کے لئے مذاکراتی کمیٹیاں بنانے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف دینے کے لئے تجاویز سے مستفید ہو کر اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ وفاقی وزرا احسن اقبال اور رانا ثنا اللہ نے جماعت اسلامی کے وفد کے ساتھ مذاکرات کے بعد حافظ نعیم کے ہمراہ مشترکہ

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## ایران کا آبنائے ہرمز میں مزید بحری بارودی سرنگیں بچھانے کا دعویٰ

تہران (آن لائن) ایران کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ اس نے آبنائے ہرمز میں مزید بحری

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## ٹیکنالوجی میں آگے بڑھنے کیلئے شعبہ جاتی رکاوٹیں ختم کرنا ہوں گی، شزہ فاطمہ

ریاض (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ لیپ کانفرنس 24 کروڑ پاکستانیوں اور تیزی سے بڑھتے ہوئے ٹیک ایکو سسٹم کی عکاسی کرتی ہے، ٹیکنالوجی میں آگے بڑھنے کے لئے شعبہ جاتی رکاوٹیں ختم کرنا ہوں گی۔ جمعرات کو وزارت آئی ٹی و

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## روس کا دور مشرق ایشیا پیسیفک کیساتھ تعاون کا اہم مرکز بنے گا، صدر پوتن

### جولائی 2025 سے پورے روسی دور مشرق اور آرکٹک میں کاروبار اور سرمایہ کاری کیلئے ایک متحد ترجیحی نظام نافذ کیا جائیگا، خطاب

ولادی ووستوک (آن لائن) روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے ایسٹرن اکنامک فورم کے مرکزی پلینری اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ روس کا دور مشرق اور آرکٹک ترقی کے ایک نئے مرحلے میں داخل ہو رہے ہیں، جہاں سرمایہ

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## کوئی ملک ایران کی مدد نہ کرے، امریکی وزیر خارجہ کی پابندیوں کی دھمکی

### ہرمز کھلی رہے گی اور اس بحری راستے کو ایران کے کنٹرول میں نہیں جانے دیا جائیگا، مارکو روبیو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے خبردار کیا ہے کہ کوئی ملک ایران کو امریکی پابندیوں سے بچنے یا آمدنی حاصل کرنے میں مدد نہ کرے، بصورت دیگر امریکا ایسے ممالک پر بھی پابندیاں عائد کر سکتا ہے۔ مارکو روبیو نے امریکی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی اسلام آباد میں وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے ملاقات

### کوئٹہ ژوب اور ڈیرہ اسماعیل خان قومی شاہراہ کے ڈوئل کیرج وے منصوبے کو ابتدائی تیز رفتار بنیادوں پر مکمل کرنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد+کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں استحکام پاکستان پارٹی کے صدر اور وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان کے درمیان گورنر بلوچستان اور وفاقی وزیر مواصلات کی اہم

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## وزیراعظم سے رانا مشہود کی ملاقات، وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری اقدامات پر بریفنگ دی

### حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ نوجوان ہمارا سب سے قیمتی اثاثہ اور پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں، حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## جماعت اسلامی کی ملک گیر ہڑتال، حکومتی وفد مذاکرات کیلئے منصورہ پہنچ گیا

### امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن بھی مذاکرات میں شریک ہیں

لاہور (یو این اے) جماعت اسلامی کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور لیوی کے خلاف ملک گیر ہڑتال کے دوران حکومتی وفد مذاکرات کے لیے جماعت اسلامی کے ہیڈکوارٹر منصورہ پہنچ گیا۔ وفد میں سینیٹر رانا ثنا اللہ خان، وفاقی

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کے جواں سال بیٹے کے انتقال پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو اور سابق صوبائی وزیر نصیب اللہ مری فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بے شمار قربانیاں دی ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان

### سیکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع کے لیے پوری طرح چوکس اور پرعزم ہیں، شمالی وزیرستان میں دہشتگردوں کی دراندازی ناکام بنانا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور قومی عزم کا ثبوت ہے

### پاکستان کی سرزمین پر کسی بھی دہشت گرد گروہ کو امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ ملکی خودمختاری، قومی سلامتی اور سرحدوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بنانے اور 15 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور پیشہ ورانہ صلاحیت پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ 36 گھنٹے تک جاری رہنے والی کارروائی میں سیکیورٹی فورسز نے جس صبر، پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کا مظاہرہ کیا وہ قابل تحسین ہے۔ دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش بروقت ناکام بنانا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع کے لیے پوری طرح چوکس اور پرعزم ہیں انہوں نے کہا کہ دہشت گرد

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## صوبوں کو فوری طور پر گندم فراہم کی جائے، اسحاق ڈار کی پاسکو کو ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے ہدایت کی ہے کہ ای سی سی سے منظور کردہ کوٹے کے مطابق صوبوں کو فوری طور پر گندم فراہم کی جائے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ملک میں گندم کے ذخائر کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے جمعرات کو یہاں ایک اجلاس کی صدارت کی۔ نائب وزیراعظم کے آفس سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم نے گندم کی درآمد

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## اسرائیل ایران کی موجودہ حکومت کو گرانے کیلئے کام کر رہا ہے، نیتن یاہو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل ایران کی موجودہ حکومت کو گرانے کے لیے کام کر رہا ہے۔ نیتن یاہو نے اسرائیلی ٹی وی کو انٹرویو میں کہا کہ میری ہدایت پر اسرائیل کے تمام متعلقہ ادارے ایرانی حکومت کو شکست دینے کے لیے کام کر رہے ہیں جبکہ اسرائیلی پائلٹس کسی بھی وقت ایران میں کارروائی کے لیے پہنچ سکتے ہیں۔ غزہ سے متعلق نیتن یاہو نے کہا کہ

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاک فوج کی لازوال قربانیاں اور کامیابیاں ہر محب وطن کیلئے قابل فخر ہیں، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (یو این اے) استحکام پاکستان پارٹی کے صدر اور وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن پر پاک فوج کے جوانوں کو زبردست داد شجاعت پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے ایک بار پھر دشمن کے مکروہ عزائم خاک میں ملا کر ثابت کر دیا ہے کہ وطن عزیز کا دفاع ناقابل تسخیر ہاتھوں میں ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج کی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## ایرانی صوبے کرمان شاہ پر امریکی حملے میں 12 شہری شہید

### ہم اس وقت ایران پر ایک اور حملے کے لیے تیار ہیں، امریکی صدر ٹرمپ

تہران (این این آئی) گزشتہ رات ایران کے مختلف علاقوں پر امریکی فضائی حملوں میں 12 شہری اور 7 فوجی اہلکار شہید ہو گئے، جب کہ 70 سے زائد افراد زخمی ہیں۔ ایرانی خبر ایجنسی کے مطابق مغربی صوبے کرمانشاہ پر امریکی حملے میں پاسداران انقلاب کی

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## یاسین ملک کا بھارتی عدالتوں پر عدم اعتماد، مقدمہ مزید لڑنے سے انکار کر دیا

### یاسین ملک نے سری نگر کی عدالت میں 25 صفحات پر مشتمل حلف نامہ جمع کرا دیا، 24 اگست کے تحریری بیانات کو شہادت کا حصہ قرار دیا گیا

سرینگر (این این آئی) بھارتی قید میں موجود کشمیری رہنما یاسین ملک نے بھارتی عدالتوں پر عدم اعتماد کرتے ہوئے اپنا مقدمہ مزید لڑنے سے انکار کر دیا۔ یاسین ملک نے سری نگر کی عدالت میں 25 صفحات پر مشتمل حلف نامہ جمع کرا دیا جس میں یاسین

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## عمران خان کا جیل ٹرائل شروع ہونے والا ہے، انسداد دہشتگردی عدالت کا عندیہ

### کیا پتا اسی کیس میں جیل ٹرائل شروع ہو جائے جو میرے پاس زیر سماعت ہے، جج طاہر عباس سپرا کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کا جیل ٹرائل شروع ہونے کا عندیہ دیدیا۔ بانی پی ٹی آئی کے خلاف تھانہ بارہ کہو میں درج مقدمے کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت میں ہوئی، جہاں عدالت نے بانی پی ٹی آئی

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## غیر ملکی عدالت کے فیصلے کے بعد بچے کی تحویل کے تنازع پر پاکستانی عدالتیں ہیگ کنونشن کے اصول مدنظر رکھیں، وفاقی آئینی عدالت

### بچے کی تحویل کے معاملات میں عدالت کو یہ دیکھنا ہوگا کہ غیر ملکی عدالت نے کس دائرہ اختیار کے تحت فیصلہ دیا اور فیصلہ میرٹ پر ہوا یا نہیں، فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ مختلف ممالک کی شہریت رکھنے والے والدین کے درمیان کمسن بچے کی تحویل کے تنازعہ میں عدالتوں کو اس ریاست کی عدالت کے دائرہ اختیار اور فیصلے کو مدنظر رکھنا ہوگا جہاں بچہ اپنی معمول کی رہائش رکھتا تھا جبکہ بچے کو غلط طور پر ایک ملک سے دوسرے ملک منتقل کیے جانے کی صورت میں

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل 2025 منظور کر لیا

### بار بار قانون سازی کا مقصد اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا التوا لگتا ہے، اسلام آباد لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل 2026 پر پیپلز پارٹی نے اختلافی نوٹ جمع کرا دیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل 2025 منظور کر لیا۔ قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس چیئرمین کمیٹی راجہ خرم نواز کی زیرصدارت ہوا جس میں پیپلز پارٹی کے رکن آغا رفیع اللہ نے اسلام آباد میں متعدد آبادیوں پر سی ڈی اے ایکشن کا معاملہ اٹھایا، آغا رفیع اللہ نے سوال کیا

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## مکہ معاہدہ امت کو معاشی طور پر مضبوط کرنے کی جانب اہم قدم ہے، طاہر محمود اشرفی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ سعودی عرب کی

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## 6 ستمبر کا دن جب قوم متحد ہو تو بڑے سے بڑے چیلنج کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے، صوبائی وزراء

### 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم دن ہے، جب قوم نے اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر اتحاد، حب الوطنی اور قومی یکجہتی کا عملی مظاہرہ کیا، شعیب نوشیروانی، ظہور بلیدی

### صوبائی حکومت امن، ترقی اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے صوبے میں امن امان اور ترقی کیلئے شہدا کی خون ضرور رنگ لائے گی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزرا نے 6 ستمبر یوم دفاع و شہدا کے موقع پر اپنے مشترکہ پیغام میں وطن عزیز کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم دن ہے، جب قوم نے اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر اتحاد، حب الوطنی اور قومی یکجہتی کا عملی مظاہرہ کیا بلوچستان

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## یوم دفاع پاکستان عہد وفا اور شجاعت کا دن ہے افواج پاکستان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، فیصل خان جمالی

### دشمن کی کسی بھی جارحیت اور ناپاک سازش کا مقابلہ قومی اتحاد، عزم اور حوصلے کیساتھ کیا جائیگا، صوبائی وزیر

گنداخہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ایک ایسا ناقابل فراموش دن ہے جب

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## صلاح الدین نورزئی کا قتل امن وامان کی صورتحال پر بڑا سوالیہ نشان ہے، سینیٹر کامران مرتضیٰ

### قاتلوں کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے لاپتہ بیٹے کی بازیابی کے لیے بھی مؤثر اقدامات کیے جائیں

کوئٹہ/اسلام آباد (یو این اے) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی صدر سینیٹر کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ نے ممتاز تاجر صلاح الدین نورزئی کے بہیمانہ قتل پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## ایف آئی اے کا ملک گیر کریک ڈاؤن، انسانی اسمگلنگ میں ملوث 24 ملزمان گرفتار

### گرفتار کیے گئے تمام ملزمان سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے، ترجمان

کراچی (یو این اے) ایف آئی اے اینٹی ہیومن اسمگلنگ ونگ نے ملک گیر کارروائیاں کرتے ہوئے انسانی اسمگلروں کا گھیرا تنگ کر دیا۔ مختلف شہروں میں کی گئی کارروائیوں کے دوران اشتہاری ملزمان اور اسمگلروں کو گرفتار کرا لیا گیا جبکہ تمام ملزمان سے

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## گڈانی کو جدید اور ماحول دوست شپ ری سائیکلنگ مرکز بنائیں گے، وفاقی وزیر برائے بحری امور

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ گڈانی میں شپ بریکنگ انڈسٹری کو جدید اور ماحول دوست شپ ری سائیکلنگ مرکز میں تبدیل کرنے کے لیے 12 ارب روپے کے منصوبے پر عملی کام شروع ہو گیا ہے۔ انہوں نے یہ بات گڈانی شپ بریکنگ اینڈ ری سائیکلنگ انڈسٹری کی جدید کاری، اپ گریڈیشن اور متعلقہ سہولیات کی ترقی سے متعلق

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## خواتین کی ترقی اور بااختیاری کے بغیر معاشرے کی حقیقی ترقی ممکن نہیں ہے

وزیر داخلہ

### بلوچ خواتین نہ صرف اپنے خاندان کی طاقت ہیں بلکہ بلوچستان کے روشن اور خوشحال مستقبل کی امید بھی ہیں

### بلوچستان کی خواتین نے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، صوبے کی ترقی میں ان کا کردار قابل تحسین ہے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچ خواتین ہماری ثقافت، تعلیم اور سماجی اقدار کی مضبوط بنیاد ہیں، جنہوں نے نئی نسل کی تعلیم و تربیت، روایات کے تحفظ اور معاشرے میں وقار، عزت اور مثبت اقدار کے فروغ میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان عوامی پارٹی کے خواتین ونگ کے رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ خواتین نہ صرف اپنے خاندان کی طاقت ہیں بلکہ بلوچستان کے روشن اور خوشحال مستقبل کی امید ہیں خواتین کی تعلیم، ترقی

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

لاہور، وفاقی وزرا احسن اقبال، وزیراعظم کے ... امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن مذاکرات کے بعد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلام آباد، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفاقی وزیر عبدالعلیم ملاقات کر رہے ہیں

## نوشکی میں مبینہ زیادتی کے بعد قتل بچی کا پوسٹ مارٹم مکمل

### بچی کے جسم پر تشدد اور چوٹ کے نشانات بھی پائے گئے ہیں، موت دم گھٹنے سے ہوئی، تین ملزمان گرفتار، پولیس کی تفتیش جاری

نوشکی (یو این اے) بلوچستان کے ضلع نوشکی کے علاقے احمد وال میں مبینہ جنسی زیادتی اور تشدد کے بعد قتل کی گئی کمسن بچی کا پوسٹ مارٹم سول سنڈیمن اسپتال کوئٹہ میں مکمل کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق بچی کی عمر 6 سے 7 سال کے درمیان ہے، جبکہ پوسٹ مارٹم کے ابتدائی نتائج میں موت کی وجہ دم گھٹنا بتائی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بچی کے جسم پر تشدد

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## کوئٹہ کے علاقے مسلم آباد میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے معروف تاجر حاجی صلاح الدین خان نورزئی جاں بحق

### واقعے کے خلاف لواحقین کا ائیرپورٹ روڈ پر احتجاج، شہر میں نصب کروڑوں روپے کے جدید کیمروں کے باوجود ملزمان فرار ہونے پر سوالات اٹھ گئے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے مسلم آباد میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے معروف تاجر حاجی صلاح الدین خان نورزئی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق حاجی صلاح الدین خان نورزئی مسلم آباد میں موجود تھے کہ نامعلوم مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گئے۔ انہیں طبی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## کسٹمر کیئر سروس میں بہتری کیلئے ڈسکوز کی کارکردگی کی کڑی نگرانی ہوگی، غفلت برداشت نہیں کی جائیگی، اویس لغاری

### اگست 2025 کے دوران ہیلپ لائن 118 پر تقریباً 16 لاکھ 40 ہزار شکایات درج ہوئیں، وفاقی وزیر کی زیر صدارت اجلاس میں بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ کسٹمر کیئر سروس میں بہتری کیلئے ڈسکوز کی کارکردگی کی کڑی نگرانی ہوگی، غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ جمعرات کو وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی زیر صدارت 118 کسٹمر کیئر سروس کی کارکردگی کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ 118 کسٹمر

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## مسلم لیگ ن نے بلوچستان کی ترقی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے، عاصم کرد گیلو

### مسلم لیگ ن کا مقصد عوام کی خدمت ہے سابق روایات کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے حلقہ انتخاب سمیت بلوچستان کی عوام کو مسائل و مشکلات سے چھٹکارا دلائینگے

### پارٹی کی جدوجہد کسی سے پوشیدہ نہیں عوام کو درپیش مسائل و مشکلات کے حل کیلئے ہر فورم پر جدوجہد کر رہی ہے تعلیم صحت پینے کے صاف پانی سڑکوں کے نظام کو درست کرنے میں کردار ادا کیا، بیان

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو و پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کا مقصد عوام کی خدمت ہے سابق روایات کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے حلقہ انتخاب سمیت بلوچستان کی عوام کو مسائل و مشکلات سے چھٹکارا دلانے کے لئے ہر فورم پر جدوجہد یقینی بناتے ہوئے عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لئے کام کر رہے ہے بلوچستان بھر میں مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے عوام اور کارکنان کو درپیش مسائل بے روزگاری کے خاتمہ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

Daily SABA Quetta

روزنامہ صباء کوئٹہ

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سٹریٹجک پراجیکٹس پراوور سائٹ کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## نوشکی کے مختلف علاقوں کی ممکنہ منتقلی کی اطلاعات، ضلعی انتظامیہ نے کسی فیصلے یا ہدایات سے لاعلمی ظاہر کردی

### علاقہ خالی کرانے کی سوشل میڈیا اطلاعات سے نوشکی میں تشویش، محکمہ داخلہ کی جانب سے تاحال کوئی نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوا

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ کا نوشکی کے کسی بھی علاقے کو خالی کرنے سے متعلق فیصلے سے لاعلمی کا اظہار محکمہ داخلہ کی جانب سے تاحال اس بارے کوئی ہدایات یا نوٹیفکیشن نہیں ملی نوشکی کے متعدد علاقوں کی آبادی دو ماہ کے لیے منتقلی کا امکان سوشل میڈیا پر علاقہ خالی کرنے کے خبروں کے چلنے کے بعد علاقہ مکینوں میں سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے سیکیورٹی ذرائع کے نام سے منسوب سوشل میڈیا پر چلنے والی خبر کے مطابق ماہ ستمبر کے دوران نوشکی کے مختلف علاقوں کلی جمشو، کلی باروکی، کلی احمد وال اور کلی جور کین کی آبادی کو ممکنہ طور پر دو ماہ کے لیے عارضی طور پر محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائے گا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مذکورہ علاقوں کے مکینوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ گھروں سے منتقلی سے قبل احمد وال زائرین کیمپ میں اپنی رجسٹریشن کرائیں اور ضروری سامان اپنے ہمراہ لے جائیں۔

## سیل کی گئی تمام مساجد ومدارس فوری طور پر کھولے جائیں شجاع الحق شاہ

### اہل سنت نے ہمیشہ ملکی مفاد کو مقدم رکھا، اب اہل سنت کے مینڈیٹ کا احترام بھی کیا جائے، بیان

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہل سنت بلوچستان کے سربراہ پیر طریقت رہبر شریعت علامہ مولانا سید شجاع الحق شاہ ہاشمی نورانی نے حب چوکی میں سالانہ عظیم علیشان تحفظ ناموس رسالت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علماء و عوام اہل سنت نے ملکی مفادات کو ہمیشہ مقدم رکھتے ہوئے ہر قسم کی تکلیف اور مشکلات کو برداشت کیا ہے اور ملک کے امن، استحکام، سلامتی اور وحدت کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے مساجد و مدارس اسلام کے قلعے ہیں، جہاں سے قرآن وسنت کی تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاق، کردار، امن، بھائی چارے، محبت اور انسانیت کا درس دیا جاتا ہے، اس لیے جتنی بھی مساجد اور مدارس سیل کیے گئے ہیں، انہیں فی الفور کھولا جائے۔ اہل سنت کے علماء و مشائخ نے کہا کہ مذہبی تنظیمیں ناموس رسالت صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پہرے دار ہیں اور دین اسلام کی محبت و عقیدت ان کے ایمان کا بنیادی حصہ ہے۔ مساجد، مدارس، خانقاہیں اور مذہبی مراکز معاشرے میں دینی شعور بیدار کرنے کے ساتھ ساتھ لوگوں کو امن، محبت، برداشت اور بھائی چارے کا پیغام دیتے ہیں۔

## صوبائی حکومت بلوچستان کے صحافیوں کو تحفظ فراہم کریں پی آئی ایم سی

### نوشکی میں صحافی کے گھر چوری اور چادر و چار دیواری کی پامالی کی مذمت کرتے ہیں، ترجمان

کوئٹہ (اے این این) پاکستان اتحاد میڈیا کونسل رجسٹرڈ بلوچستان کے صوبائی ترجمان نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں نوشکی پریس کلب کے معزز رکن اور صحافی کے گھر میں ہونے والی چوری کی واردات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چوروں نے ایک صحافی کے گھر میں داخل ہو کر نہ صرف چوری کی بلکہ چادر و چار دیواری کے تقدس کو بھی پامال کیا جو انتہائی قابل مذمت اور افسوسناک عمل ہے انہوں نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آواز ہوتے ہیں اور ان کے گھروں اور اہل خانہ کے تحفظ کو یقینی بنانا انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے نوشکی میں ایک صحافی کے گھر میں چوری کی واردات نے صحافی برادری میں شدید تشویش اور بے چینی پیدا کر دی ہے پاکستان اتحاد میڈیا کونسل رجسٹرڈ بلوچستان نے نوشکی انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے چوری میں ملوث ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور متاثرہ صحافی کو انصاف فراہم کیا جائے انہوں نے خبردار کرتے ہوئے کہا کہ اگر نوشکی انتظامیہ نے فوری اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے چوروں کو گرفتار نہ کیا تو پاکستان اتحاد میڈیا کونسل بلوچستان کے تمام صحافی، صحافی برادری اور مختلف پریس کلبز کے نمائندگان کے ساتھ مل کر شدید احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔

## اوستہ محمد سمیت بلوچستان بھر میں آٹے کی شدید قلت، سندھ سے سپلائی پر پابندی سے بحران کا خدشہ

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد سمیت بلوچستان بھر میں آٹے کی شدید قلت پیدا ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ سندھ سے بلوچستان آٹے کی سپلائی پر مبینہ پابندی کے باعث صورتحال مزید سنگین ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ آٹے کی ترسیل متاثر ہونے سے مارکیٹ میں قلت کے ساتھ قیمتوں میں اضافے کا امکان بھی ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق سندھ حکومت کی جانب سے سندھ اور پنجاب سے بلوچستان آٹے کی سپلائی پر پابندی عائد کیے جانے کے بعد اوستہ محمد سمیت نصیرآباد ڈویژن کے مختلف علاقوں میں آٹے کی دستیابی متاثر ہوئی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روزمرہ استعمال کی بنیادی ضرورت آٹے کی سپلائی میں رکاوٹ سے عوام براہ راست متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ غریب اور متوسط طبقے کے لیے صورتحال مزید پریشان کن بنتی جا رہی ہے۔

## مانجھی پور، اسسٹنٹ کمشنر ظہیر احمد بلوچ کا پٹرول پمپس کا دورہ

مانجھی پور (یو این اے) اسسٹنٹ کمشنر مانجھی پور ظہیر احمد بلوچ نے شہر کے مختلف پیٹرول پمپس کا اچانک دورہ کر کے پیٹرول اور ڈیزل کے نرخ چیک کیے۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف پیمانوں اور نرخ کا تفصیلی جائزہ لیا، تمام پیٹرول پمپس پر نرخ مقررہ نوٹیفکیشن کے مطابق اور درست پائے گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر ظہیر احمد بلوچ نے پیٹرول پمپ انتظامیہ کو ہدایت کی کہ شہریوں کو مقررہ مقدار کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ بعدازاں اسسٹنٹ کمشنر نے مانجھی پور شہر میں ناجائز تجاوزات کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ افراد کو سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی راستوں پر قائم تجاوزات فوری طور پر ہٹانے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی آمد و رفت میں رکاوٹ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

## دالبندین پریس کلب کا صحافی منظور بلوچ کے گھر ڈکیتی کی شدید مذمت، ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ

### نوشکی میں چوری کی وارداتوں سے صحافی بھی غیر محفوظ ہو چکے ہیں، ترجمان پریس کلب

دالبندین (یو این اے) دالبندین پریس کلب کی نوشکی پریس کلب کے رکن منظور بلوچ کے گھر ڈکیتی کی مذمت دالبندین پریس کلب کے ترجمان نے نوشکی پریس کلب کے رکن صحافی منظور بلوچ کے گھر میں ڈکیتی کی واردات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے نوشکی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث چوروں کو فوری طور پر گرفتار کر کے مسروقہ سامان برآمد کیا جائے۔ ترجمان نے کہا کہ نوشکی میں روز بروز بڑھتی ہوئی چوری کی وارداتوں کے باعث عام شہریوں کے ساتھ ساتھ صحافی بھی غیر محفوظ ہو چکے ہیں۔ صحافیوں کے گھروں اور املاک کا تحفظ انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ دالبندین پریس کلب کے ترجمان نے کہا کہ ہم منظور بلوچ کے گھر میں ہونے والی چوری کی نہ صرف شدید مذمت کرتے ہیں۔

## وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار حفیظ کا بلاک شناختی بحال کروادیا گیا

### اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (اے این این) درخواست گزار حفیظ نے بتایا کہ انکا شناختی کارڈ بغیر کسی وجہ کے بلاک کر دیا گیا تھا۔ جس کی بحالی کے لیے وہ متعدد بار نادرا کے دفتر گئے ثبوت پیش کیے، کمیٹی میں پیش ہوئے لیکن ان کا مسئلہ حل نہیں ہوا۔ پھر انہوں نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا بلاک شناختی کارڈ فوری طور پر بحال کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے وفاقی مدارس کے نمائندے اور علماء کرام کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## حکومت عوام کو تحفظ اور سیلاب میں بروقت اقدامات اٹھانے کیلئے کام کریں، روی کمار پہو

### حکومت کی جانب سے منصوبہ بندی نا ہونے کے سبب باران رحمت عذاب بن جاتی ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

سبی (اے این این) جمعیت علماء اسلام اقلیتی امور کے مرکزی رہنما و رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان روی کمار پاہوجا نے اسلام آباد و گردونواح میں حالیہ بارش اور سیلاب کی تباہ کاریوں پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اقلیتی برادری کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ وہ متاثرین کی بروقت مدد کے لئے آگے آئیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے منصوبہ بندی نا ہونے کے سبب باران رحمت عذاب بن جاتی ہے۔ گذشتہ تباہ کن سیلاب میں حکومت نے مکمل طور پر عوام کو لاوارث چھوڑ دیا تھا اور بیرونی ممالک سے آنے والی امداد بھی متاثرین تک پہنچانے کی بجائے حکمران طبقے کی کرپشن کی نذر ہو گئی۔ انہوں نے کہا کہ بارش کی گندگی نالوں اور سیم نالوں کی بھل صفائی کے لئے مختص رقم کرپشن کی نذر ہونے کے سبب بارش کا پانی تباہی مچاتا ہے۔ جس کی ہم ہر فورم پر مذمت کرتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کی جانب سے منصوبہ بندی کے فقدان کے سبب وطن عزیز پاکستان ہر سال بیک وقت پانی کی قلت اور بارش کی تباہ کاریوں کا سامنا کرتا ہے۔ جبکہ بہتر منصوبہ بندی کے ذریعے چھوٹے چھوٹے ڈیم بنا کر بارش کے پانی کو ذخیرہ کر کے ملک کا وسیع رقبہ قابل کاشت بنایا جا سکتا ہے۔

## انتشار اور بحران سے نکلنے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا، ذوالفقار طارقی

### ملک اور عوام کے فیصلے ٹی وی شوز اور خواہشات کے مطابق نہیں، ملکی مفاد کی بنیاد پر ہونے چاہئیں، رہنما اہلسنت

کوئٹہ (اے این این) اہلسنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارقی قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں وفد سے ملاقات میں ملک کو درپیش موجودہ بحران اور بڑھتی ہوئی مہنگائی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ملک اور عوام کے فیصلے ٹی وی شوز، سیاسی بیانات یا ذاتی خواہشات کی بنیاد پر نہیں بلکہ ملکی مفادات اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیے جانے چاہئیں۔ موجودہ حالات میں ہر طرف انتشار پھیلانے کی کوششیں دکھائی دے رہی ہیں، ایسے میں سیاسی جماعتوں سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو اپنی اپنی ترجیحات سے بالاتر ہو کر ملک اور عوام کو بحران سے نکالنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ انتقامی کارروائیاں، ہر شخص کو اپنا دشمن سمجھنا اور ذاتی مفادات کو قومی مفاد پر ترجیح دینا کسی بھی صورت ملک کے لیے سودمند نہیں۔ سیاست کا مقصد عوام کی خدمت اور ملک کو ترقی و استحکام کی راہ پر گامزن کرنا ہونا چاہیے، نہ کہ ایک دوسرے کو زیر کرنے اور سیاسی مخالفت کو ذاتی دشمنی میں تبدیل کرنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں مہنگائی کا طوفان برپا ہے اور عام آدمی کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے۔

## ہم دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے، سلطان قادری

### پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے اور افواج پاکستان پاکستانی قوم کا فخر ہیں، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل

سبی (اے این این) ممبر اسلامی نظریاتی کونسل جماعت اہل سنت پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ و جماعت الصالحین پاکستان انٹرنیشنل کے مرکزی بانی و امیر صاحبزادہ الحاج پیر محمد خالد سلطان القادری سروری نے کہا ہے کہ 6 ستمبر آتا ہے تو انڈیا کی ٹانگیں کانپنے لگتی ہیں افواج پاکستان کے شہیدوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ جنہوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے پاکستان کے دفاع کو مضبوط بنایا اور پاکستان کو ایک ناقابل تسخیر ملک بنایا ملک کو دہشت گردوں سے پاک کرنے کے لئے پاک افواج کی دی جانے والی قربانیاں کسی صورت رائیگاں نہیں جائے گی افواج پاکستان کی موجودگی میں ملک دشمن عناصر کبھی اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہوں گے بلوچستان سمیت ملک بھر میں دہشت گردی کے ناسور دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کی سرکوبی کے لئے سیکورٹی فورسز اپنا کردار ادا کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مریدین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے اور افواج پاکستان پاکستانی قوم کا فخر ہیں۔

## مکہ معاہدہ عالمی نظام کو چیلنج کرنے کیلئے نہیں ہے

احسن اقبال

### پاکستان کی اگلی قومی جدوجہد جنگی طیاروں سے نہیں، برآمدات، تعلیم، ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدت کے ذریعے ہوگی، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ بدلتے ہوئے عالمی منظرنامے میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ محض دفاعی تعاون تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ اسے ٹیکنالوجی، تحقیق، سرمایہ کاری، مصنوعی ذہانت، سائبر سیکیورٹی، توانائی، غذائی تحفظ، خلائی ٹیکنالوجی اور علاقائی رابطوں سمیت وسیع تر معاشی شراکت داری میں تبدیل کیا جا سکتا ہے، پاکستان کی اگلی بڑی قومی جدوجہد جنگی طیاروں کے ذریعے نہیں بلکہ برآمدات، تعلیم، ٹیکنالوجی، پیداوار اور جدت کے میدان میں ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی یونیورسٹی کے زیر اہتمام ''مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ'' پر اعلیٰ سطحی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ ہم یہاں مکہ آکارڈ پر بات کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں، تاہم یہ معاہدہ صرف ملٹری گفتگو تک محدود نہیں بلکہ جامعات، لیبارٹریز، ٹیکنالوجی اور تحقیق کے شعبوں میں بھی اس کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ 7 اگست 2026 کو مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## کوئٹہ میں صفائی کا نظام درہم برہم، شہر کے مختلف علاقے کچرے کے ڈھیروں میں تبدیل، شہریوں کو مشکلات

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ شہر میں صفائی کا نظام بدترین صورتحال سے دوچار ہو گیا، مختلف علاقوں میں کچرے کے ٹب بھرے پڑے ہیں جبکہ متعدد مقامات پر کئی روز سے کچرا نہ اٹھائے جانے کے باعث تعفن پھیل رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر کی صفائی کا نظام ایک نجی کمپنی کے حوالے کیے جانے کے بعد صورتحال میں بہتری کے بجائے مزید بگاڑ پیدا ہو گیا ہے شہر کے مختلف علاقوں میں کچرے کے ٹب کچروں سے بھرے پڑے ہیں جس کے باعث بدبو پیدا ہو رہی ہے اور جس سے مختلف بیماریاں جنم لے رہی ہے عوامی حلقوں نے شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں علمدار روڈ، کاسی روڈ، شالدرہ، سورج گنج بازار، لیاقت بازار اور دیگر علاقوں میں صبح سویرے صفائی کی بجائے دن 10 بجے نجی کمپنی کے عملہ آ کر صفائی کر رہے ہیں جس کے باعث گرد و غبار پھیل رہی ہے اور اہم شاہراہوں پر جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر نظر آتے ہیں، جبکہ متعدد علاقوں میں کچرا دان اور ٹب بھر جانے کے باوجود بروقت صفائی اور کچرا اٹھانے کا مؤثر انتظام نہیں کیا جا رہا۔ کچرے کے باعث شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا ہے جبکہ بدبو اور تعفن سے ماحول بھی متاثر ہو رہا ہے۔

کوئٹہ، پارلیمانی لیڈر صادق عمرانی اپنے خلاف پیش ہونیوالی مذمتی قرارداد کے حوالے سے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

## ڈیجیٹل گیمز بچوں کی صحت، شخصیت پر منفی اثرات مرتب کرتی ہیں: سید علی عمران

### ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کھیل بچوں میں ہمت، حوصلہ، برداشت، جسم کو چاق و چوبند اور ذہنی مضبوطی فراہم کرتا ہے

کوئٹہ (اے این این) گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن پاکستان سیکرٹری جنرل سید علی عمران نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل یا الیکٹرانک گیمز نے بچوں کو روایتی اور جسمانی کھیلوں سے دور کر دیا ہے جس کے بچوں کی صحت اور شخصیت پر گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں، اسکرین کے سامنے زیادہ وقت گزارنے سے بچوں میں موٹاپا، جسمانی پٹھوں، نظر کی کمزوری اور سستی بڑھ رہی ہے، موبائل اور ویڈیو گیمز کے زیادہ استعمال سے بچوں کی تعلیم پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں، بچے غصہ، ذہنی دباؤ، چڑچڑاپن اور تنہائی کا شکار ہو رہے ہیں لہٰذا والدین بچوں کو موبائل اور ویڈیو گیمز استعمال سے روک کر انہیں جسمانی سپورٹس کی جانب راغب کریں، تائیکوانڈو کھیل نہ صرف بچوں کی جسمانی صحت بہتر بناتا ہے بلکہ ان کی شخصیت کو بھی نکھارتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملک بھر میں ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کھیل کو گراس روٹ لیول سے فروغ دینے کے مشن پر گامزن گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن پاکستان کے سیکرٹری جنرل سید علی عمران نے کہا کہ تائیکوانڈو کھیل نہ صرف بچوں کو سیلف ڈیفنس سکھاتی ہے بلکہ یہ بچوں میں خود اعتمادی، مشکل حالات سے مقابلہ کرنا، بہترین فیصلہ لینا، غصے پر قابو کرنا بھی سکھاتی ہے، تائیکوانڈو کی ٹریننگ سے انسان جسمانی و ذہنی طور پر مضبوطی حاصل کر سکتا ہے۔

## کوئٹہ قصاب خانوں کے سامنے جانور ذبح کرنے سے شہریوں کو مشکلات، تعفن اور بیماریوں کا خدشہ

### مصروف شاہراہوں پر جانور ذبح کرنے سے ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوتی ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف شاہراہوں اور گنجان آباد علاقوں میں قصابوں کی جانب سے دکانوں کے سامنے بیل باندھ کر کے ذبح کرنے کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ جانوروں کا خون، آلائشیں اور گندا پانی سڑکوں پر بہنے سے نہ صرف ٹریفک اور پیدل آمد و رفت متاثر ہو رہی ہے بلکہ تعفن اور مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بھی پیدا ہو گیا ہے عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کے مختلف شاہراہوں علمدار روڈ، جوائنٹ روڈ، ڈبل روڈ، عالمو چوک، کاسی روڈ سمیت شہر کے دیگر علاقوں میں بعض قصاب اپنی دکانوں کے سامنے جانور باندھ کر انہیں وہیں ذبح کرتے ہیں۔ ذبح کے بعد خون اور دیگر فضلات سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر پھیل جاتے ہیں، جبکہ صفائی کا مناسب انتظام نہ ہونے کے باعث کئی مقامات پر گندگی جمع رہتی ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ مصروف شاہراہوں پر جانور ذبح کرنے سے ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوتی ہے اور پیدل چلنے والوں خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ خون اور آلائشوں کے سڑکوں پر بہنے سے بدبو اور تعفن پیدا ہونے کے ساتھ مکھیاں اور دیگر جراثیم بھی بڑھنے کا خدشہ ہے۔

## نصیرآباد، ڈویژنل ڈائریکٹر زراعت توسیع امجد علی خان کی ریٹائرمنٹ پر الوداعی تقریب کا اہتمام

### ملازمت کی مدت پوری ہونے پر افسران اور ملازمین کی جانب سے امجد علی خان کی خدمات کو خراج تحسین

نصیرآباد (یو این اے) ڈویژنل ڈائریکٹر زراعت توسیع نصیرآباد امجد علی خان کی ملازمت کی مدت پوری ہونے پر ان کے اعزاز میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع نصیرآباد میر ظہیر احمد خان عمرانی کی جانب سے ایک پروقار الوداعی پارٹی کا اہتمام کیا گیا اور انہیں روایتی شال اور پھولوں کے ہار بھی پہنائے گئے پروگرام میں محکمہ زراعت توسیع، مارکیٹ کمیٹی اور متعلقہ محکمے کے آفسران و دیگر ملازمین سمیت واپڈا نصیرآباد کے ایکسیئن میر وریام خان کھچھا اور محمد قاسم کھوسہ و دیگر نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران افسران و اسٹاف نے ڈویژنل ڈائریکٹر زراعت توسیع نصیرآباد امجد علی خان کی محکمہ زراعت کے لیے طویل عرصے تک انجام دی جانے والی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ شرکاء نے کہا کہ امجد علی خان نے دوران ملازمت اپنی ذمہ داریاں محنت، لگن اور فرض شناسی کے ساتھ انجام دیں۔

کوئٹہ لہڑی ہاؤس میں ممتاز ٹرانسپورٹر قبائلی رہنما مرحوم میر نیوز خان لہڑی کی برسی کے موقع پر سردار دولت خان لہڑی، میر حشمت لہڑی، میر ذوالفقار لہڑی، میر فیصل بلوچ اور دیگر کی موجودگی میں قرآن خوانی کے بعد ایصال ثواب کیلئے لنگر تقسیم کیا جا رہا ہے

## کوہستان مری، سوشل میڈیا پر خاتون کی ہلاکت کی افواہیں بے بنیاد ہیں، کلینک کے ڈاکٹر کی وضاحت

### مریضہ کو حالت تشویشناک ہونے پر سرکاری ہسپتال منتقل کرنے کا مشورہ دیا تھا، ڈاکٹر

کوہستان مری (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں گزشتہ روز سوشل میڈیا پر خاتون کی ہلاکت سے متعلق گردش کرنے والی اطلاعات کے حوالے سے کلینک میں موجود ڈاکٹر نے وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر معاملے کو حقائق کے برعکس پیش کیا گیا۔ ڈاکٹر کے مطابق گزشتہ روز ایک خاتون مریضہ کو کلینک لایا گیا تھا، تاہم معائنے کے بعد مریضہ کے لواحقین کو بتایا گیا کہ مریضہ کا کافی خون ضائع ہو چکا ہے اور کلینک میں ایسے مریض کے علاج کے لیے مطلوبہ سہولیات دستیاب نہیں ہیں۔ ڈاکٹر کا کہنا تھا کہ انہوں نے مریضہ کے لواحقین کو فوری طور پر سرکاری ہسپتال منتقل کرنے کا مشورہ دیا، جس کے بعد لواحقین مریضہ کو لے کر چلے گئے۔ ڈاکٹر نے مزید واضح کیا کہ مذکورہ کلینک میں ایسے سنگین نوعیت کے مریضوں کا علاج نہیں کیا جاتا۔

## عوامی خدمت کے سلسلے میں محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے فلاحی منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے

فرید آباد (اے این این) عوامی خدمت کے سلسلے میں محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے فلاحی منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات کے تحت مختلف پروگرامز کے ذریعے مستحق افراد، مریضوں اور خصوصی افراد کو سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ محکمہ سوشل ویلفیئر صحبت پور کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے لیے مختلف منصوبوں پر عملی کام جاری ہے، جن کے تحت ہزاروں مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، جبکہ معذور اور خصوصی افراد کی کفالت، بحالی اور معاونت کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈسٹرکٹ سوشل ویلفیئر آفیسر وسیم احمد کھوسہ کا کہنا ہے کہ محکمہ سوشل ویلفیئر عوامی خدمت کے جذبے کے تحت مستحق افراد تک سہولیات پہنچانے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ مختلف فلاحی پروگرامز کے ذریعے ضرورت مند شہریوں، مریضوں اور خصوصی افراد کی مدد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

## ٹریفک اہلکاروں سے بدتمیزی اور ون وے بورڈ توڑنے والوں کیخلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے، جان زیب بلوچ

### پولیس اہلکاروں سے بدتمیزی انتظامیہ کے منہ پر تماچہ ہے، ایس پی ٹریفک اور ڈی آئی جی نصیرآباد فوری نوٹس لیں

اوستہ محمد (یو این اے) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن اوستہ محمد زون کے سینئر رہنما جان زیب بلوچ نے کہا ہے کہ ٹریفک اہلکاروں کے ساتھ بدتمیزی کرنے اور ون وے بورڈ توڑ کر پھینکنے والے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔ ٹریفک اہلکار شدید گرمی اور سخت موسمی حالات کے باوجود شہر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے رہے ہیں جن کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار جان زیب بلوچ نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قانون کی پاسداری ہر شہری کی ذمہ داری ہے، کسی بھی شخص کو ٹریفک اہلکاروں کے ساتھ بدتمیزی یا سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کا حق حاصل نہیں۔ ون وے نظام شہریوں کی سہولت اور ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے نافذ کیا گیا ہے، لہٰذا اس کی خلاف ورزی یا متعلقہ بورڈز کو نقصان پہنچانا قابل مذمت عمل ہے۔ جان زیب بلوچ نے مطالبہ کیا کہ انتظامیہ ون وے بورڈ توڑنے اور ٹریفک اہلکاروں سے بدتمیزی کرنے والے عناصر کی نشاندہی کر کے ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کرے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو۔

## بلوچستان بھر میں آٹے کی شدید قلت، سندھ سے سپلائی پر پابندی سے بحران کا خدشہ

### سندھ سے بلوچستان آٹے کی سپلائی بحال کی جائے، شہریوں کا وزیراعلیٰ اور سردارزادہ فیصل خان جمالی سے مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بھر میں آٹے کی شدید قلت پیدا ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ سندھ سے بلوچستان آٹے کی سپلائی پر مبینہ پابندی کے باعث صورتحال مزید سنگین ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ آٹے کی ترسیل متاثر ہونے سے مارکیٹ میں قلت کے ساتھ قیمتوں میں اضافے کا امکان بھی ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق سندھ حکومت کی جانب سے سندھ اور پنجاب سے بلوچستان آٹے کی سپلائی پر پابندی عائد کیے جانے کے بعد اوستہ محمد سمیت نصیرآباد ڈویژن کے مختلف علاقوں میں آٹے کی دستیابی متاثر ہوئی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روزمرہ استعمال کی بنیادی ضرورت آٹے کی سپلائی میں رکاوٹ سے عوام براہ راست متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ غریب اور متوسط طبقے کے لیے صورتحال مزید پریشان کن بنتی جا رہی ہے۔ شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و رکن صوبائی اسمبلی اوستہ محمد سردار زادہ فیصل خان جمالی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے سندھ سے بلوچستان آٹے کی سپلائی بحال کرائے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## پاکستان کا تاریخ کا سب سے بڑا یورو بانڈ جاری

عالمی مارکیٹ سے 3 ارب ڈالر حاصل

### ساڑھے 5 سالہ بانڈ پر 7.5 فیصد اور 10 سالہ بانڈ پر 7.9 فیصد شرح منافع، عالمی سرمایہ کاروں کی بھرپور شرکت، وزارت خزانہ

کراچی (این این آئی) پاکستان نے ملکی تاریخ کا سب سے بڑا بین الاقوامی یورو بانڈ جاری کرتے ہوئے عالمی کیپٹل مارکیٹ سے مجموعی طور پر 3 ارب ڈالر حاصل کر لیے، جسے وزارت خزانہ نے عالمی معاشی میدان میں پاکستان کی اہم کامیابی اور عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بحالی کا مظہر قرار دیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق پاکستان نے پہلی مرتبہ ایک ہی وقت میں 3 ارب ڈالر مالیت کے یورو بانڈ دو حصوں میں جاری کیے، جن میں ساڑھے 5 سالہ بانڈ کے ذریعے 1.75 ارب ڈالر جبکہ 10 سالہ بانڈ سے 1.25 ارب ڈالر حاصل کیے گئے۔ حکام کے مطابق ساڑھے 5 سالہ یورو بانڈ کے لیے 7.50 فیصد کوپن ریٹ مقرر کیا گیا ہے، جبکہ 10 سالہ یورو بانڈ پر 7.90 فیصد کوپن ریٹ مقرر کیا گیا۔ بانڈز کے اجرا کے لیے پاکستان کو تقریباً 6 ارب ڈالر کی پیشکشیں موصول ہوئیں، جو عالمی سرمایہ کاروں کی جانب سے پاکستانی معیشت پر اعتماد میں اضافے کی عکاسی کرتی ہیں۔ وزارت خزانہ نے کہا کہ یورو بانڈ کا کامیاب اجرا پاکستان کی عالمی کیپٹل مارکیٹس تک دوبارہ رسائی کی جانب اہم

11

Quarterly Session Meeting of
Women Informal District Assembly on
Women and Public Issues

کوئٹہ، ہارڈ بلوچستان کے زیر اہتمام این ای ڈی کے تعاون سے خواتین کی غیر رسمی ضلعی اسمبلی ڈبلیو آئی ڈی اے کے اجلاس کے موقع پر خواتین اظہار خیال کر رہی ہیں

## زیارت کراس کے قریب ڈی سی ہرنائی کے سکواڈ پر فائرنگ، پولیس سپاہی زخمی

چمن (یو این اے) زیارت کراس کے قریب نامعلوم افراد کی جانب سے ڈی سی ہرنائی کے سکواڈ کی گاڑی پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب ڈی سی ہرنائی کو کوئٹہ پہنچانے کے بعد سکواڈ کی گاڑی واپس ہرنائی جا رہی تھی۔ فائرنگ کے نتیجے میں سکواڈ میں شامل پولیس سپاہی نصر اللہ شاہ ولد ابراہیم شاہ پاؤں میں گولی لگنے سے زخمی ہو گئے۔ واقعے کے فوری بعد زخمی پولیس اہلکار کو طبی امداد کے لیے قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔

## سریاب روڈ پر ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ سے دکاندار زخمی، ملزمان فرار

کوئٹہ (یو این اے) تھانہ شہید محمود الرحمن سریاب کے علاقے کلی منگوچر سریاب روڈ پر موٹر سائیکل سوار دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر دکاندار سے پینتیس ہزار روپے چھین لیے اور مزاحمت کرنے پر فائرنگ کر کے اسے زخمی کر دیا۔ زخمی ہونے والے دکاندار کی شناخت 25 یا 26 سالہ کلیم اللہ ولد محمد بخش قوم کرد ساکنہ کلی منگوچر کے نام سے ہوئی ہے جو واقعے کے بعد فرار ہو گئے۔ واقعے کے فوری بعد زخمی کو طبی امداد اور علاج معالجہ کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

## کوہستان مری میں حادثات کے باوجود اوور لوڈنگ کا سلسلہ جاری، شہریوں کا فوری کارروائی کا مطالبہ

کوہستان مری (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں ڈرائیوروں کی مبینہ غفلت، تیز رفتاری اور اوور لوڈنگ کے باعث چند روز قبل ایک افسوسناک حادثہ پیش آیا، تاہم افسوسناک واقعے کے باوجود بعض ڈرائیوروں نے کوئی سبق نہیں سیکھا اور بدستور گاڑیوں میں گنجائش سے زائد مسافروں اور سامان کی لوڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق اوور لوڈنگ اور لاپرواہ ڈرائیونگ میں لاپرواہی مسافروں کی جانوں کے لیے خطرہ بن رہی ہے۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ٹریفک حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گاڑیوں کی فٹنس، اوور لوڈنگ اور ڈرائیوروں کی غفلت کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے تاکہ مزید حادثات سے بچا جا سکے۔

## بجلی بلوں کے بقایاجات سے متعلق وفاقی محتسب کی زیر صدارت کیسکو ہیڈکوارٹر میں اجلاس

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر شوکت علی جوگیزئی اور ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور بروہی کی زیر صدارت وفاقی حکومت کے ذیلی محکموں کے ذمہ بجلی بلوں کے بقایاجات سے متعلق کیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف انجینئر (کسٹمر سروسز) مرزا اعزاز بیگ، ڈائریکٹر کمرشل کیسکو منصور عمر، ڈپٹی منیجر کمرشل محسن بخاری کے علاوہ مختلف وفاقی محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد وفاقی حکومت کے ذیلی محکموں اور کیسکو کے درمیان بجلی بلوں سے متعلق شکایات کا ازالہ تھا۔ بعدازاں مختلف محکموں کے نمائندگان نے ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب اور کیسکو کے سربراہ کو اپنے متعلقہ محکموں کے بجلی بلوں سے متعلق بھی آگاہ کیا۔

## قوم دہشتگردی کیخلاف جنگ میں فورسز کیساتھ ہے، سید صادق آغا

### دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کیلئے قومی اتحاد اور مؤثر حکمت عملی ناگزیر ہے، رہنما پی ٹی آئی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے پشین اور چاغی میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کے دوران سکیورٹی فورسز کے دو اعلیٰ افسران سمیت 8 جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ، افسوس اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں سید صادق آغا نے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع، امن و امان کے قیام اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سکیورٹی فورسز کے افسران اور جوان پوری قوم کے ہیرو ہیں۔ ان کی عظیم قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور قوم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشین اور چاغی میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کے دوران سکیورٹی فورسز نے جس بہادری اور جرأت کا مظاہرہ کیا، وہ قابل تحسین ہے۔ دہشتگردوں کے خلاف جنگ میں ہمارے جوان مسلسل اپنی جانوں کی قربانیاں دے رہے ہیں تاکہ ملک کے عوام کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کیا جا سکے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ دہشتگردی ایک قومی چیلنج ہے جس کا مقابلہ کسی ایک ادارے یا صوبے کی ذمہ داری نہیں بلکہ پوری قوم کو متحد ہو کر کرنا ہوگا۔ پاکستان تحریک انصاف ملک سے دہشتگردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کیلئے ہر مثبت اور مؤثر کوشش کی حمایت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان طویل عرصے سے بدامنی اور دہشتگردی کا سامنا کر رہا ہے، جس کے باعث عام شہریوں، سکیورٹی اہلکاروں اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھاری قیمت ادا کی ہے۔

## صحافیوں اور لوکل پرنٹ میڈیا کیخلاف سازش کرنے والوں سے کھلی جنگ ہوگی، بی ایم ایف

### کسی صحافی، سوشل میڈیا ایکٹوسٹ یا لوکل اخبار سے زیادتی برداشت نہیں کرینگے، قیوم بلوچ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ نے کہا ہے کہ صحافیوں اور لوکل پرنٹ میڈیا کا حق غصب کرنے والوں کیخلاف کھلی جنگ ہوگی، کسی تنظیم، گروہ یا فرد کیخلاف نہیں بلکہ ہم اتحاد و یکجہتی کا پیغام لے کر آئے ہیں، جس کے ساتھ لفظ صحافی جڑا ہے وہ ہمارے وجود کا حصہ ہے اور کسی بھی صحافی، سوشل میڈیا ایکٹوسٹ یا لوکل اخبار کے ساتھ زیادتی ہرگز برداشت نہیں کرینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں صحافیوں اور سوشل میڈیا ایکٹوسٹس کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ قیوم بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم پورے صوبے کی سطح کا پلیٹ فارم ہے، جس میں اب تک 11 اضلاع اور تین ڈویژنز کے صحافی شامل ہو چکے ہیں۔ فورم کا مقصد صحافی برادری کو تقسیم کرنا نہیں بلکہ انہیں ایک پلیٹ فارم پر متحد کر کے ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر آواز بلند کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوکل پرنٹ میڈیا کے ساتھ بلوچستان میڈیا فورم کا گوشت اور ناخن کا ساتھ ہے، لوکل اخبارات نے ہمیشہ عوامی مسائل، محروم طبقات اور بلوچستان کے مسائل کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ لوکل پرنٹ میڈیا کے خلاف کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے اور اس کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ قیوم بلوچ نے کہا کہ صحافت اور صحافیوں کے حقوق پر قدغن لگانے یا لوکل اخبارات کو کمزور کرنے کی کسی بھی کوشش کا بھرپور مقابلہ کیا جائے گا۔ پرنٹ میڈیا کو ختم کرنے کا خواب دیکھنے والے خود ختم ہو جائیں گے، ماضی میں بھی بہت سے دیوانوں نے اس طرح کے ناپاک خواب دیکھے مگر وہ کامیاب نہیں ہو سکے۔

پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

## بچوں کی بہتر غذائیت کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا

عطا تارڑ

### غذائیت کے فروغ کے لیے سالانہ ایکشن پلان مرتب کیا جائے، آگاہی مہم کو سال بھر جاری رکھنے کی ضرورت ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ بچوں کی بہتر غذائیت کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا، غذائیت کے فروغ کے لیے سالانہ ایکشن پلان مرتب کیا جائے، آگاہی مہم کو سال بھر جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔ ایک فار نیوٹریشن کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ غذائیت سے متعلق آگاہی مہم کو ایک وقتی سرگرمی نہیں ہونا چاہیے، غذائیت کے فروغ کے لیے سالانہ ایکشن پلان مرتب کیا جائے اور آگاہی مہم کو سال بھر جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ سول سوسائٹی، رائے عامہ بنانے والوں اور صحافتی تنظیموں سے تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی بہتر غذائیت کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ والدین اپنے بچوں کے لیے بہترین فیصلہ کرنا چاہتے ہیں، مگر بعض اوقات غلط معلومات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ والدین کو نقصان دہ گھریلو علاج اور گمراہ کن تجارتی دعووں سے بچانا ضروری ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ والدین کو اس بارے میں

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

## بلوچستان کے تمام سرکاری دفاتر اور ہسپتالوں میں خواتین کو درپیش مسائل کا خاتمہ کرینگے، ربابہ بلیدی

### خواتین ڈاکٹرز، نرسز اور دیگر فرنٹ لائن اسٹاف صحت کے شعبے میں انتہائی اہم ذمہ داریاں انجام دے رہی ہیں، مشیر ترقی نسواں

کوئٹہ / گنداخہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں محترمہ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی "ستارہ امتیاز" اور میر اسد اللہ خان بلیدی نے شہید بے نظیر بھٹو ٹراما سینٹر اینڈ ایمرجنسی ریسپانس انسٹیٹیوٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے خواتین مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، لیڈی ڈاکٹرز، نرسنگ اسٹاف اور فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا، دوران دورہ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے خواتین طبی عملے کی سہولت اور فلاح و بہبود کے لیے ٹراما سینٹر میں جدید ڈے کیئر سینٹر کے قیام کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین ڈاکٹرز، نرسز اور دیگر فرنٹ لائن اسٹاف صحت کے شعبے میں انتہائی اہم ذمہ داریاں انجام دے رہی ہیں، اس لیے انہیں کام کی جگہ پر بنیادی اور ضروری سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے بلوچستان بھر سے حادثات، ایکسیڈنٹس، تشدد، صنفی بنیاد پر تشدد، ہراسانی اور زیادتی کے واقعات میں متاثر ہونے والی خواتین کے لیے ٹراما سینٹر میں خصوصی لیڈیز ایمرجنسی سروسز کاؤنٹر اور انسداد زیادتی (ریپ) کاؤنٹر قائم کرنے کا بھی اعلان کیا۔ اس خصوصی کاؤنٹر کے ذریعے متاثرہ خواتین کو علاج معالجے کے ساتھ ساتھ تحفظ، قانونی رہنمائی اور ضروری معاونت ایک ہی مقام پر فراہم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

## ڈی آئی جی نصیرآباد کامران نواز پنجوتھا کی زیر صدارت آرڈرلی روم کا انعقاد، ایک اہلکار کی انکریمنٹ ضبط

نصیرآباد (یو این اے) ڈی آئی جی پولیس نصیرآباد رینج کامران نواز پنجوتھا کی زیر صدارت آرڈرلی روم کا انعقاد ہوا جس میں نصیرآباد رینج کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے پولیس ملازمین نے شرکت کر کے اپنے مسائل اور محکمانہ معاملات سے متعلق درخواستیں پیش کیں۔ ڈی آئی جی پولیس نے ملازمین کے مسائل اور درخواستوں کو بغور سنا اور ان کے حل کے لیے موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے۔ اس دوران مختلف ملازمین کو جاری کیے گئے شوکاز نوٹسز کا بھی جائزہ لیا گیا اور محکمانہ قواعد و ضوابط کے مطابق شوکاز نوٹسز کی کارروائی کرتے ہوئے ایک اہلکار کو ایک سال کی انکریمنٹ ضبط کرنے کی سزا سنائی گئی جبکہ ایک اہلکار کا شوکاز نوٹس خارج کر دیا گیا۔

## سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ نے حلف اٹھالیا

### سلطان محمد خان نے نومنتخب کابینہ سے حلف لیا، ملازمین کے مسائل حل کرائیں گے، نصیب اللہ بازئی کا خطاب

کوئٹہ (اے این این) سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ کی تقریب حلف برداری منعقد کی گئی، جس میں آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر سلطان محمد خان، مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالستار، ایجوکیشن سیکرٹری عبدالحلیم خان، عبدالستار جونیئر، شاہنواز زہری، منظور احمد بلوچ سمیت مختلف ٹریڈ یونین نمائندوں نے شرکت کی۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان نے نومنتخب کابینہ سے حلف لیا۔ اس موقع پر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ یونیورسٹی کے تمام ملازمین کے حقوق، فلاح و بہبود، عزت نفس اور جائز مطالبات کیلئے بھرپور اور آئینی جدوجہد جاری رکھے گی۔ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر نصیب اللہ بازئی نے کہا کہ نئی کابینہ ملازمین کو درپیش مسائل، بالخصوص پروموشن، تنخواہوں، الاؤنسز، میڈیکل سہولیات اور دیگر بنیادی حقوق کے حل کیلئے انتظامیہ کے ساتھ مثبت اور موثر رابطہ رکھے گی۔ نصیب اللہ بازئی نے کہا کہ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن ملازمین کے اتحاد کو مزید مضبوط بنائے گی اور ہر جائز حق کے حصول کیلئے آواز بلند کرے گی۔

## بارکھان ڈی ایچ کیو ہسپتال میں عملے کی عدم دستیابی پر شہریوں کا تشویش کا اظہار، فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

بارکھان (یو این اے) بارکھان ڈی ایچ کیو ہسپتال میں عملے کی مبینہ غیر حاضری اور ایمرجنسی کے وقت ڈاکٹرز کی عدم دستیابی پر شہریوں کی جانب سے شدید شکایات سامنے آئی ہیں۔ مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ ڈاکٹروں کو فون کر کے ایمرجنسی میں بلانے کی شکایات بھی کی گئی ہیں۔ شہریوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر ہسپتال کے بعض امور پرائیویٹ افراد سے چلائے جاتے ہیں تو مستقل ملازمین کی تعیناتی کا کیا جواز ہے؟ اس کے علاوہ بعض ملازمین کی تنخواہوں میں کٹوتی کے باوجود غیر حاضری کا سلسلہ جاری ہے۔ عوام نے مطالبہ کیا ہے کہ بارکھان ہسپتال میں عملے کی حاضری یقینی بنانے کے لیے بائیومیٹرک ریکارڈ چیک کیا جائے۔

ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر زرکون ایشین ڈیولپمنٹ بینک کے نمائندوں سے بلوچستان میں فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے نئے منصوبوں کے حوالے سے آن لائن میٹنگ کر رہے ہیں

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY SABA-Quetta
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

## پیٹرول لیوی کیخلاف جدوجہد جاری

حکومت کو پیٹرول لیوی بھتہ ٹیکس ختم اور آئی پی پیز سے عوام دشمن معاہدے منسوخ کرنے ہوں گے، 3 ستمبر کی مکمل اور ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال تاریخ ساز ہڑتال ہوگی اور ہڑتال کے بعد ہم اپنا آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے، اسلام آباد لانگ مارچ کی کال، اسلام آباد اور راولپنڈی میں دھرنے، ملک بھر میں دھرنے پھیلانے کے آپشن موجود ہیں، آج (بدھ کو) اٹھارویں دن بھی چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں دھرنے جاری ہیں، پشاور کا دھرنا 5 دھرنوں میں تبدیل ہوگیا ہے، حیدر آباد دھرنا 10 دن سے جاری ہے، اندرون سندھ شہروں سمیت چترال جیسے علاقے میں بھی دھرنا جاری ہے، دھرنوں اور احتجاج میں عوام کی شرکت مسلسل بڑھتی جارہی ہے۔ امیر کراچی منعم ظفر خان کے ہمراہ ادارہ نورحق میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری نے کراچی سمیت ملک بھر میں پیٹرول لیوی بھتہ اور آئی پی پیز کے خلاف ہماری تحریک اور 3 ستمبر کی ملک گیر ہڑتال کا غیر معمولی اور متفقہ طور پر حمایت کا اعلان کیا ہے، جس طرح آئی پی پیز کو نوازا جارہا ہے اور لیوی بھتہ ٹیکس وصول کیا جارہا ہے یہ عوام پر بہت بڑا ظلم ہے اور اس پر خاموش رہنا بھی ظلم ہے، اس لیے ہماری تمام پارٹیوں کے سیاسی کارکنوں خواہ وہ حکومت میں ہوں یا اپوزیشن میں، ان سے اپیل ہے کہ ہماری عوامی جدوجہد کا حصہ بنیں کیونکہ یہ جدوجہد 25 کروڑ عوام کے دل کی آواز ہے، مہنگے پیٹرول اور بجلی سے ملک کا ہر شہری سخت پریشان اور بدحال ہے لیکن افسوس کہ حکومت، وزراء اور حکمران پارٹیوں کو عوام کے مسائل اور مہنگائی سے کوئی دلچسپی نہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے مزید کہا کہ ہم نے عوام کو شعور دیا کہ حکمران کس طرح ہماری جیبوں میں ڈاکہ ڈال رہے ہیں، یہ شعور اب ملک کے بچے بچے کو ہوگیا ہے، پاکستان میں ڈھائی کروڑ موٹر سائیکلیں اور تقریباً 5 ملین فور وہیکل گاڑیاں ہیں، موٹر سائیکل غریب اور عام لوگوں کی سواری ہے، حکمرانوں کے کوئی پبلک ٹرانسپورٹ کا نظام نہ بنانے کی وجہ سے خاندان کے کئی افراد ایک بائیک پر سفر کرنے پر مجبور ہیں، اس غریب طبقے سے حکمران ایک لیٹر پیٹرول پر 130 روپے لیوی اور دیگر ٹیکسز کی مد میں وصول کررہے ہیں، جو سراسر ظلم ہے، حکمرانوں کی شاہ خرچیاں ختم ہونے کا نام نہیں لے رہیں، ان کے پروٹوکولز اور پیٹرول وغیرہ کا سارا بوجھ یہ غریب طبقہ اٹھاتا ہے، چند آئی پی پیز کو 17 سو ارب روپے سے زیادہ کی رقم دی اس بجلی کی جو انہوں نے بنائی ہی نہیں ہے، یہ پیسے غریب عوام کی جیبوں سے نکال کر دیے گئے ہیں۔۔۔

## مکہ دفاعی معاہدہ: اہل حرم کے لئے نوید سحر

**مصطفیٰ کمال پاشا**

مکہ دفاعی معاہدہ، پاکستان ترکی اور سعودی عرب کے درمیان ایک عسکری و دفاعی حقیقت بننے جارہا ہے مسلم دنیا کے تین بڑے مل بیٹھے ہیں وزرائے خارجہ، وزرائے دفاع اور مسلح افواج کے سربراہان سر جوڑ چکے ہیں ایک دوسرے کی عسکری دفاعی ضروریات کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے کو عسکری و دفاعی طور پر مضبوط بنانے کے معاملات زیر بحث ہیں۔ پاکستان مسلم دنیا کی واحد ایٹمی قوت ہے جس نے حال ہی میں دنیا کی سب سے بڑی جمہوری ریاست، دنیا کی تیسری بڑی معاشی پاور اور اپنے سے تین گنا بڑی فوج رکھنے والی ریاست کو جنگ میں دھول چٹا کر اپنی عسکری برتری ثابت کر دکھائی ہے عظیم الجثہ بت پرست ریاست پر فتح پا کر پاکستان نے دنیا پر اپنی فنی مہارت اور دفاع وطن کے عزم بالجزم کا اظہار کر دیا ہے۔ ترکی عسکری و معاشی طور پر ایک منظم اور مستحکم ملک ہے ناٹو کا بھی ممبر ہے علاقائی و عالمی معاملات میں نہ صرف رائے رکھتا ہے بلکہ ایک فریق کے طور پر دخیل بھی ہے۔ سعودی عرب حرمین شریفین کے باعث مسلمانوں میں احترام کے بلند درجے پر فائز ہے تیل کی دولت کے باعث سعودی عرب کی عالمی سطح پر بھی پذیرائی ہے تینوں ممالک کا کسی مشترکہ دفاعی معاہدے میں شریک ہونا ایک بہت بڑا اقدم ہے ریجنل سیاست میں ہی نہیں بلکہ خطے اور کرہ ارض کی سیاست میں ایک بہت بڑی خبر ہے تینوں ممالک نے طے کرلیا ہے کہ اس کا سیکریٹریٹ ریاض میں قائم کیا جائے گا اور اس کا پہلا سیکرٹری جنرل پاکستان سے ہو گا۔ یہ بات پاکستان کے لئے اہم اور باعث توقیر ہے پاکستان ایک ایسا ملک ہے جس کے کثیر جہتی تعلقات ہیں امریکہ چین ایک دوسرے کے دشمن ہیں حریف ہیں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لئے کوشاں ہیں۔ پاکستان کے دونوں کے ساتھ حلیفانا اور دوستانہ تعلقات ہیں ایران امریکہ جنگ کے دوران پاکستان نے اپنی اس حیثیت کو بڑی مہارت سے استعمال کیا، ایران کے کسی مسلم ملک کے ساتھ اچھے تعلقات نہیں ہیں 79ء کے انقلاب کے بعد ایران کی انقلابی قیادت نے انقلاب ایکسپورٹ کرنے کی پالیسی اختیار کی، جواباً سعودی عرب پاکستان و دیگر ممالک نے اس رجحان کا کاؤنٹر کرنے کی پالیسی اختیار کی اس طرح ایران کے مسلم ممالک کے ساتھ تعلقات خراب ہوئے۔ پھر 80ء میں عراق کے ساتھ طویل جنگ نے عرب و عجم کی دشمنی کو مزید ابھارا۔ صیہونی و صلیبی قوتیں بھی میدان میں اتریں اور پھر داعش جیسی سفاک تنظیم معرض وجود میں لائی گئی عالم اسلام اس جنگ میں لہولہان ہوا۔ پاکستان دہشت گردی کی اس جنگ کا سب سے بڑا متاثر ملک ہے ایران نے حالیہ دنوں میں جنگ بندی بات چیت کے دوران پاکستان پر جس اعتماد کا اظہار کیا وہ تاریخی اور انتہائی قابل ستائش ہے۔

## پنجاب کرپشن سے پاک ہوجائے گا؟

**نسیم شاہد**

اچھی خبریں آرہی ہیں، ان پر عمل بھی ہوتا ہے، اس کا انتظار کرنا پڑے گا کیونکہ اچھی خبر سنانے پر کچھ نہیں لگتا، پاکستانی عوام لاکھوں کروڑوں اچھی خبریں سن چکے ہیں، مگر عملاً انہیں کوئی تبدیلی نظر نہیں آتی، حالات زمیں جنبد نہ جنبد گل محمد جیسے ہی رہتے ہیں۔ اب اچھی خبر یہ آئی ہے کہ پنجاب کو کرپشن سے پاک کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے، سنانے والے کے منہ میں گھی شکر، کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا۔ پہلے یہ خبر آئی تھی کہ پولیس میں کرپٹ کالی بھیڑوں کا صفایا کیا جارہا ہے اب یہ خبر آئی ہے کہ چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان نے صوبے بھر کے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنروں کی ایک آن لائن میٹنگ کر کے انہیں یہ صاف صاف کہہ دیا ہے اب کرپشن اور نہیں، برداشت کی جائے گی اور نہ کسی کو معاف کیا جائے گا۔ پنجاب حکومت کی اس حوالے سے اب زیرو ٹالرنس پالیسی ہے۔ ساتھ ان کے انٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کے سہیل ظفر چٹھہ بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ ذرائع کے مطابق چیف سیکرٹری نے صوبے کے افسروں کو کہا پہلے وہ محکمہ انٹی کرپشن اور افسروں کے درمیان آجاتے تھے اب ایسا نہیں ہوگا۔ محکمہ انٹی کرپشن جہاں چاہے ریٹ کرے گا اور جسے چاہے شکایت پر پکڑ لے گا۔ گریڈ دیکھا جائے گا اور نہ منصب۔ انہوں نے یہ بھی بتادیا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے اس حوالے سے فری ہینڈ دے دیا ہے اور وہ صوبے کو کرپشن سے پاک کرنا چاہتی ہیں۔ واہ جی واہ اگر صوبے کے انتظامی سربراہ نے ضلعوں اور ڈویژنوں میں بیٹھے افسروں کو یہی پیغام دیا ہے تو پھر لگتا ہے بڑے بڑے نام آنے والے دِنوں میں ہتھکڑی پہنے نظر آئیں گے، کیونکہ چور چوری سے جا سکتا ہے ہیرا پھیری سے نہیں، جن کے منہ کو حرام کی کمائی لگ جائے وہ آسانی سے حلال کی طرف نہیں آتے، دو چار بڑے افسر انٹی کرپشن نے ثبوتوں سمیت گرفتار کر لئے تو باقی خود بخود سیدھے ہوجائیں گے۔ ہم جیسے قلم بردار تو ایک عرصے سے کہہ رہے ہیں، حضور یہ پٹواری، کلرک، تحصیلدار اور چھوٹے کارندے پکڑنے سے کرپشن نہیں رکنے والی، ڈی سی آفس کا اہلکار اگر کرپشن کے الزام میں پکڑا جاتا ہے تو ڈپٹی کمشنر کو پکڑیں۔ وہ کم ازکم اس الزام سے تو نہیں بچ سکتا کہ اُس نے اپنے دفتر میں رشوت خوروں کو نہیں پکڑا، معطل نہیں کیا، یہ کیسے ممکن ہے کہ دفتر کی مختلف برانچوں میں تعینات افسر و اہلکار عوام کی ناک میں دم کئے کھڑے ہوں اور دفتر کے سربراہ کو معلوم نہ ہو۔ بھارت میں ایک خاندان میں 200 سال بعد بیٹی کی پیدائش، ننھی بچی کا شاندار استقبال اور بھرپور جشن منایا گیا اس میں کوئی شک نہیں کہ موجودہ پنجاب حکومت کے دور میں یہ تاثر عام ہوا ہے کہ صوبے میں کرپشن بڑھ گئی ہے، بڑھ اس لئے گئی ہے کہ افسروں میں بے خوفی آگئی ہے ارکان اسمبلی کو ان کے معاملات سے بالکل علیحدہ کر دیا گیا ہے، جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ وہ عوامی نمائندوں کو بھی آنکھیں دکھارہے ہیں، اس حوالے سے ارکان اسمبلی نے کئی تحاریک استحقاق بھی پیش کی ہیں جب اتنا فری ہینڈ مل جائے تو دو صورتیں ہوتی ہیں یا تو پورا زور لگا کر عوام کی خدمت اور گڈ گورننس کو یقینی بنایا جائے یا پھر مال بنانے کو اپنا مشن بنا لیا جائے۔ بدقسمتی سے ہمارے افسروں کی سوچ دوسری طرف گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق چیف سیکرٹری نے اسی آن لائن میٹنگ میں یہ بھی کہا ہے کہ پچاس لاکھ تک رشوت لینے کی شکایات بھی آچکی ہیں، دوسری طرف اسی میٹنگ میں ڈی جی محکمہ انٹی کرپشن پنجاب سہیل ظفر چٹھہ نے بھی افسروں پر واضح کر دیا ہے اب کسی بھی شکایت پر فوری ایکشن لیا جائے گا کسی کے چھوٹے بڑے منصب کو دیکھ کر فیصلے نہیں کئے جائیں گے۔ میرے لئے تو یہ بہت اچھی اور چونکا دینے والی خبر ہے۔ یہ افسروں کا طبقہ ایسی مخلوق بن چکا ہے جو اپنے آپ کو ہر قانون سے بالاتر سمجھتے ہیں۔ پی ٹی آئی کی حکومت کے دور میں جب نیب نے ان افسروں پر ہاتھ ڈالنا شروع کیا تھا تو بیوروکریسی نے کام کرنے سے انکار کر دیا تھا جس کے بعد حکومت نے نیب کو ان کے خلاف کارروائی سے روک دیا تھا۔ یہ ملکی تاریخ کا سب سے بڑا غلط فیصلہ تھا، اس کے بعد سرکاری افسروں نے یہ سمجھ لیا کہ انہوں نے ایک ایسا خول پہن لیا ہے جس کے اندر کوئی ہاتھ نہیں ڈال سکتا۔ جب پنجاب میں مریم نواز کی حکومت آئی تو انہوں نے افسروں کو سیاسی دباؤ سے آزاد کرنے کیلئے یہ فیصلہ کیا کہ ارکان اسمبلی اُن کے اختیارات میں مداخلت نہیں کریں گے۔ میں خود اس امر کا گواہ ہوں کہ ارکان اسمبلی کو اپنے ووٹرز کے سامنے بے بسی کا اظہار کرتے دیکھا گیا ہے۔ اب چاہئے تو یہ تھا کہ بیوروکریسی اس موقع کو غنیمت جان کر صوبے میں گڈ گورننس کا نمونہ پیش کرتی، اس تاثر کو قائم کرتی کہ جب سیاسی مداخلت نہیں ہوتی تو بیوروکریٹس شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کرتے ہیں، لیکن ایسا نہیں ہوا اور اُلٹا کام خراب ہوتا چلا گیا۔ عوام اپنے کاموں کے لئے دھکے کھاتے رہے، جنہوں نے رشوت دی اُن کے کام ہونے لگے، بڑھتے بڑھتے یہ تاثر عام ہو گیا کہ پنجاب کرپشن کی آماجگاہ بن گیا ہے۔

**یونس باٹھ**

لاہور پریس کلب میں آئی جی پنجاب راؤ عبدالکریم کی آمد محض ایک پریس کانفرنس یا روایتی ملاقات نہیں تھی۔ اس کے پیچھے ایک ایسا پیغام بھی نظر آتا ہے جسے پولیسنگ کے مستقبل کے لیے سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے۔ اس سے قبل ڈی آئی جی آپریشنز لاہور اور پولیس افسران کا کرائم رپورٹرز سے مکالمہ شروع ہوا اور اب آئی جی پنجاب کا خود لاہور پریس کلب آنا اس بات کی علامت ہے کہ حکومت اور پولیس قیادت میڈیا کو پولیسنگ کے عمل کا فریق سمجھنے کی طرف بڑھ رہی ہے۔ یہ یقیناً وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی گڈ گورننس اور اداروں کو عوام کے قریب لانے کی پالیسی کا ایک مثبت پہلو ہے۔ اس مثبت ماحول کی تشکیل میں لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری کی کاوشیں بھی قابل تحسین ہیں، جنہوں نے پولیس اور صحافیوں کے درمیان پیدا ہونے والے فاصلے کم کرنے، باہمی اعتماد اور رائے عامہ کو ہموار کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کیا اور پولیس قیادت کو پریس کلب کے پلیٹ فارم تک لانے کا سلسلہ آگے بڑھایا۔ ایسے اقدامات ہی اداروں اور میڈیا کے درمیان صحت مند مکالمے کی بنیاد بنتے ہیں۔ آئی جی پنجاب نے کھل کر تسلیم کیا کہ جرائم کی سرکوبی، معاشرتی اصلاح اور پولیس کے احتساب میں کرائم رپورٹرز کا کردار اہم ہے۔ ان کا یہ کہنا کہ شہریوں کو انصاف کی فراہمی کے لیے کرائم رپورٹرز پولیس کی آنکھ، کان اور مددگار ہیں، دراصل پولیس اور میڈیا کے درمیان ایک صحت مند تعلق کی ضرورت کو تسلیم کرنا ہے۔ اختلاف اپنی جگہ، تنقید اپنی جگہ، لیکن اگر پولیس اور صحافت ایک دوسرے کو دشمن سمجھنے کے بجائے اصلاح کے دو اہم ستون سمجھیں تو فائدہ بالآخر شہری کو ہی ہوگا۔ آئی جی پنجاب نے پولیسنگ میں جدید ٹیکنالوجی، باڈی کیمز، سیف سٹیز کیمروں، ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن اور دیگر اقدامات کا ذکر کیا۔ ایک ہزار باڈی کیمز کی آمد اور ناکوں پر پولیس افسران کے لیے ان کے استعمال کا اعلان بھی خوش آئند ہے۔ مگر اصل سوال ٹیکنالوجی خریدنے کا نہیں، اس کے غیر جانبدارانہ استعمال اور نتائج کا ہے۔ اگر باڈی کیمرہ ہر اہلکار کے عمل کو ریکارڈ کرے گا تو یہی کیمرہ پولیس اور شہری دونوں کے حقوق کا محافظ بن سکتا ہے۔ اس سے بھی زیادہ اہم آئی جی پنجاب کا وہ اعلان ہے کہ کانسٹیبل سے اعلیٰ افسران تک بدعنوانی، بے ضابطگی، بدسلوکی اور اختیارات سے تجاوز پر محکمانہ کارروائی شروع ہو چکی ہے اور کسی کو رعایت نہیں دی جائے گی۔ یہ اعلان یقیناً قابل تحسین ہے، مگر عوام اب اعلان نہیں، نتیجہ دیکھنا چاہتے ہیں۔ کتنے افسران اور اہلکاروں کے خلاف کارروائی ہوئی، کتنے فارغ ہوئے اور کتنے بے گناہ ثابت ہوئے؟ یہ تفصیلات بھی سامنے آنی چاہئیں تاکہ احتساب محض ایک دعویٰ نہیں بلکہ ایک نظر آنے والا عمل بنے۔ یہاں وزیراعلیٰ پنجاب کا حالیہ فیصلہ بھی ایک مثال بن سکتا ہے۔ وزیراعلیٰ نے مشکل وقت میں عوام کے درمیان رہ کر کام کرنے والے اپنے معاون خصوصی شعیب مرزا اور ڈپٹی کمشنر لاہور علی اعجاز کو سی ایم میرٹ بیج سے نوازا۔ اس فیصلے میں ایک خوبصورت اصول چھپا ہے: جو افسر اپنے فرائض سے بڑھ کر عوام کے دکھ میں شریک ہو، اسے صرف شاباش نہیں بلکہ ادارہ جاتی طور پر بھی عزت ملنی چاہیے۔ میری گزارش ہے کہ یہی اصول پنجاب پولیس پر بھی لاگو کیا جائے۔ جس طرح کرپٹ اور بدعنوان پولیس افسران کے خلاف کارروائی ضروری ہے، اسی طرح فرض شناس، بہادر، ایماندار اور عوام کے لیے غیر معمولی خدمات انجام دینے والے پولیس افسران اور اہلکاروں کی حوصلہ افزائی بھی ضروری ہے۔ پولیس فورس میں یقیناً ایسے بے شمار جوان اور افسر موجود ہیں جو سخت ترین حالات میں اپنی جان خطرے میں ڈال کر شہریوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ اگر برے کردار کے لیے محکمانہ سزا ہے تو اچھے کردار کے لیے میرٹ کا اعزاز بھی ہونا چاہیے۔ وزیراعلیٰ پنجاب اگر پولیس میں بھی ایسے افسران اور اہلکاروں کی نشاندہی کر کے انہیں سی ایم میرٹ بیج دیں جو حقیقی معنوں میں عوامی خدمت، فرض شناسی، دیانت اور بہادری کا معیار پورا کرتے ہیں تو اس کا اثر پوری فورس کے مورال پر پڑے گا۔ ایک اہلکار کو یہ احساس ہوگا کہ صرف غلطی پر سزا نہیں ملتی بلکہ اچھا کام کرنے پر ریاست اسے پہچانتی بھی ہے۔ لاہور پولیس میں جرائم کی شرح میں کمی اور سنگین جرائم کے خلاف کارروائیاں اپنی جگہ قابل ذکر ہیں، لیکن پولیس کی اصل کامیابی اس وقت مکمل ہوگی جب جرائم کے خلاف کارکردگی کے ساتھ تھانے میں شہری کے ساتھ رویہ، انصاف کی فراہمی اور احتساب بھی بہتر ہوگا۔ لاہور پریس کلب میں آئی جی پنجاب کی آمد نے مکالمے کا دروازہ کھولا ہے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ یہ دروازہ ہمیشہ کھلا رہے، میڈیا سوال پوچھتا رہے، پولیس جواب دیتی رہے، اچھے کام کو سراہا جائے اور غلطی پر بلا امتیاز نشاندہی بھی ہو۔ کیونکہ مضبوط پولیس صرف طاقت سے نہیں بنتی، اعتماد، احتساب اور میرٹ سے بنتی ہے۔

### نصرت فتح علی خان سے ملاقات میری منزل تھی، اے آر رحمان

**نصرت فتح علی خان کے ساتھ گانا ریکارڈ کروایا، تاہم افسوسناک طور پر وہ ریکارڈنگ کے صرف ایک ماہ بعد اس دنیا سے رخصت ہوگئے**

لاہور (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ موسیقار اور گلوکار اے آر رحمان نے کہا ہے کہ لیجنڈری پاکستانی قوال نصرت فتح علی خان سے ملاقات ان کی زندگی کا ایک غیر معمولی اور روحانی تجربہ تھا، جو کسی غیبی مدد سے کم نہیں۔ ایک برطانوی ٹی وی چینل کے خصوصی انٹرویو میں آسکر ایوارڈ یافتہ بھارتی موسیقار اے آر رحمان نے قوالی کے بے تاج بادشاہ نصرت فتح علی خان کی فنی عظمت اور شخصیت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان سے ملنا جیسے ان کی منزل تھی۔ اے آر رحمان نے بتایا کہ انہیں یہ اعزاز حاصل ہوا کہ انہوں نے نصرت فتح علی خان کے ساتھ گانا ریکارڈ کروایا، تاہم افسوسناک طور پر وہ ریکارڈنگ کے صرف ایک ماہ بعد اس دنیا سے رخصت ہوگئے۔ گفتگو کے دوران میزبان نے سوال کیا کہ اگر اس وقت نصرت فتح علی خان سے ملاقات نہ ہوتی تو شاید پھر بھی یہ موقع نہ مل پاتا؟ اس پر اے آر رحمان نے جواب دیا کہ غالباً ایسا ہی ہوتا، کیونکہ جب نصرت صاحب ممبئی آئے تو انہوں نے ان سے بے شمار چیزیں سیکھیں، وہ بلا جھجک ان کے کمرے میں چلے گئے اور اس لمحے کو اپنے لیے ایک کھلا دروازہ قرار دیا۔ اے آر رحمان کے مطابق اس وقت رات کا ایک بج رہا تھا، نصرت فتح علی خان آئے، بیٹھے اور پھر جیسے ہر دروازہ خود بخود کھلتا چلا گیا، ہارمونیم آ گیا، طبلہ آ گیا اور انہوں نے مجھے قوالی کی باریکیاں سکھائیں۔ میزبان نے سوال کیا کہ کیا آپ کو یاد ہے وہ کون سی قوالیاں تھیں، اے آر رحمان نے بتایا کہ وہ مشہور قوالی تو کجا من کجا تھی۔

### ملک کو نااہل ترین افراد چلارہے ہیں، ہالی وڈ اداکار جارج کلونی کا دوٹوک مؤقف

**امریکا میں اس وقت جو کچھ ہو رہا ہے، وہ انتہائی افسوسناک ہے، موجودہ سیاسی صورتحال کاکسٹوکریسی ہے، میڈیا سے گفتگو**

نیویارک (آن لائن) ہالی ووڈ کے معروف اداکار جارج کلونی نے موجودہ امریکی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا اس وقت ایسے لوگوں کے ہاتھ میں ہے جن میں حکومت چلانے کی صلاحیت نہیں۔ وینس فلم فیسٹیول کے افتتاحی روز پریس کانفرنس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے جارج کلونی نے موجودہ سیاسی صورتحال کے لیے 'کاکسٹوکریسی' کی اصطلاح استعمال کی۔ ان کے مطابق اس سے مراد ایسا نظام ہے جہاں اقتدار کم ترین صلاحیت رکھنے والے افراد کے پاس پہنچ جاتا ہے۔ جارج کلونی نے موجودہ حالات پر افسوس اور شرمندگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امریکا میں اس وقت جو کچھ ہو رہا ہے، وہ انتہائی افسوسناک ہے۔ اداکار نے مصنوعی ذہانت، موسمیاتی تبدیلی اور فلمی صنعت سمیت مختلف موضوعات پر بھی بات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ دنیا کے امیر ترین افراد بڑے میڈیا اداروں کے مالک بن چکے ہیں، جس کے باعث خبروں اور معلومات کی غیر جانب داری پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ انہوں نے امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے متعلق ایک سوشل میڈیا پوسٹ کا حوالہ دیتے ہوئے بھی معاشرے میں اخلاقی اقدار اور شائستگی کے حوالے سے سوال اٹھایا۔ جارج کلونی نے امریکا کے ماضی کے ہنگامہ خیز دور کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ 1968 کا زمانہ بھی دیکھ چکے ہیں، جب ملک میں شدید بدامنی تھی، متعدد شہروں میں فسادات جاری تھے اور مارٹن لوتھر کنگ جونیئر اور بوبی کینیڈی کو ایک ہی سال قتل کر دیا گیا تھا۔ اداکار نے کہا کہ ان تمام حالات کے باوجود وہ ایک پرامید انسان ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نومبر میں ہونے والے مڈٹرم انتخابات حکومت کے اقدامات پر مؤثر چیک اینڈ بیلنس قائم کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ جارج کلونی نے توقع ظاہر کی کہ 2028 تک امریکا میں حالات بہتر اور سیاسی نظام معمول پر آسکتا ہے۔

### اداکار تھلاپتی وجے نے بزرگ خاتون کو اپنا قیمتی چشمہ تحفے میں دیدیا

**سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں وجے بزرگ خاتون سے گفتگو کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے**

ممبئی (آن لائن) بھارتی ریاست تامل ناڈو کے وزیراعلیٰ اور معروف اداکار تھلاپتی وجے نے ایک بزرگ خاتون سے ملاقات کے دوران اپنا قیمتی چشمہ انہیں تحفے میں دے کر سوشل میڈیا پر توجہ حاصل کرلی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ وجے ایک بزرگ خاتون سے گفتگو کررہے ہیں اور اس دوران انہوں نے اپنی عینک اتار کر خاتون کو پہنا دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وجے نے خاتون سے ان کی خیریت دریافت کرنے کے ساتھ یہ بھی پوچھا کہ کیا انہوں نے کھانا کھایا ہے۔ خاتون نے بتایا کہ وہ کھانا کھائے بغیر صرف وجے کو دیکھنے کے لیے وہاں بیٹھی ہوئی تھیں۔ وجے نے خاتون کا نام پوچھا اور ان کی صحت کے بارے میں بھی دریافت کیا۔ گفتگو کے دوران انہوں نے اچانک اپنی عینک اتاری اور خاتون کو تحفے میں دے دی۔ ابتدا میں خاتون عینک لینے پر رضامند نہیں تھیں، تاہم وجے کے اصرار پر انہوں نے اسے قبول کرلیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وجے نے جو چشمہ خاتون کو تحفے میں دیا، وہ لگژری برانڈ ڈائر کا ماڈل ڈائر ٹیک ایس یو بلیک ریکٹینگل گلاسز ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس چشمے کی قیمت تقریباً 490 امریکی ڈالر ہے، جو پاکستانی کرنسی میں تقریباً ایک لاکھ 38 ہزار روپے سے زائد بنتی ہے۔ چشمے میں سیاہ فریم، نیلے لینز اور دھاتی ڈیزائن استعمال کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ اٹلی میں تیار کیا گیا ہے اور کمپنی کی جانب سے اسے یو وی اے اور یو وی بی شعاعوں سے مکمل تحفظ فراہم کرنے والا چشمہ قرار دیا گیا ہے۔ خاتون چلم نے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وجے انہیں بالکل ویسے ہی نظر آئے جیسے وہ اپنی فلموں میں دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے اداکار سے ملاقات پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر کبھی کسی نے وجے کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی تو وہ ان کے دفاع کے لیے کھڑی ہوں گی۔

### ویمپائر تھرلر فلم سنرز، آسکر میں ریکارڈ 16 نامزدگیوں کیساتھ تاریخ رقم

**فلم "سنرز" آسکر نامزدگیوں میں طوفان کی طرح آئی اور سب کو حیران کردیا**

لاس اینجلس (این این آئی) مائیکل بی جورڈن کی ویمپائر تھرلر فلم سنرز نے آسکر ایوارڈز کی تاریخ میں نیا ریکارڈ قائم کرتے ہوئے ایک ہی سال میں سب سے زیادہ 16 نامزدگیاں حاصل کرلیں۔ نسلی جدائی کے دور کی یہ دل دہلا دینے والی فلم "سنرز" آسکر نامزدگیوں میں طوفان کی طرح آئی اور سب کو حیران کردیا، رائن کوگلر کی ہدایت کاری میں بنی یہ فلم اب 15 مارچ کو ہونے والے آسکرز کی تقریب میں بہترین فلم کیلئے سب سے بڑی دعویدار بن چکی ہے۔ اس فلم کا مقابلہ ون بیٹل آفٹر اینادر، فرینکن اسٹائن، ہیمنیٹ، مارٹی سپریم جیسی فلموں سے ہوگا، لیکن 16 نامزدگیوں کے ساتھ سنرز نے سب کو فی الحال پچھاڑ دیا ہے۔ یاد رہے کہ اس سے پہلے ایک سال میں سب سے زیادہ 14 نامزدگیوں کا ریکارڈ آل اباؤٹ ایو، ٹائی ٹینک اور لا لا لینڈ کے پاس تھا، اب سنرز نے اسے بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ بہترین فلم کے زمرے میں بوگونیا، ایف ون، دی سیکریٹ ایجنٹ، سینٹیمنٹل ویلیو اور ٹرین ڈریمز بھی شامل ہیں لیکن اصل مقابلہ تو سنرز کے گرد گھوم رہا ہے۔ مائیکل بی جورڈن نے 1930 کی دہائی کے مسیسیپی میں جڑواں بھائیوں کے دوہرے کردار ادا کیے ہیں جو ایک جوک جوائنٹ کھولتے ہیں، اس شاندار پرفارمنس پر انہیں بہترین اداکار کی نامزدگی ملی ہے۔ فلم کو مزید بہترین ہدایت کار (رائن کوگلر)، بہترین معاون اداکار (ڈیلرائے لنڈو)، بہترین معاون اداکارہ (وُنمی موساکو)، سینماٹوگرافی، کاسٹیوم ڈیزائن، اوریجنل اسکرپٹ اور ویژول ایفیکٹس سمیت کئی کیٹیگریز میں نوازا گیا ہے۔

### فلاپ فلموں والا اداکار 72 سال کی عمر میں پھر چھا گیا

**اداکار متھن چکرورتی نے تقریباً پانچ دہائیوں پر محیط فلمی کیریئر میں 270 سے زائد فلموں میں کام کیا 180 فلمیں باکس آفس پر ناکام رہیں**

ممبئی (آن لائن) بالی ووڈ میں کامیابی کا معیار عام طور پر فلموں کی تعداد نہیں بلکہ باکس آفس پر کامیابی کو سمجھا جاتا ہے، تاہم ایک بھارتی اداکار نے اپنے طویل کیریئر میں ناکامیوں کے باوجود ایسا مقام بنایا جو اپنی مثال آپ ہے۔ یہ اداکار متھن چکرورتی ہیں، جنہوں نے تقریباً پانچ دہائیوں پر محیط فلمی کیریئر میں 270 سے زائد فلموں میں کام کیا۔ ان کی تقریباً 180 فلمیں باکس آفس پر ناکام رہیں، تاہم اس کے باوجود وہ بھارتی فلم انڈسٹری کے نمایاں اداکاروں میں شمار ہوتے ہیں۔ متھن چکرورتی نے 1976 میں مرنال سین کی فلم 'مرگیا' سے اداکاری کا آغاز کیا۔ پہلی ہی فلم میں شاندار اداکاری پر انہیں نیشنل فلم ایوارڈ سے نوازا گیا، جو ان کے کیریئر کی ایک بڑی کامیابی تھی۔ 1980 کی دہائی میں 'شوکین' اور 'اشانتی' سمیت کئی فلموں میں کام کرنے کے بعد 1982 میں ریلیز ہونے والی 'ڈسکو ڈانسر' نے انہیں گھر گھر پہنچا دیا۔ 'ڈسکو ڈانسر' کی مقبولیت صرف بھارت تک محدود نہیں رہی بلکہ روس میں بھی فلم نے زبردست کامیابی حاصل کی۔ 1985 میں روس میں ریلیز ہونے کے بعد یہ دنیا بھر میں 100 کروڑ روپے کمانے والی پہلی بھارتی فلم بن گئی اور اس نے 'شعلے' کو پیچھے چھوڑ کر سب سے زیادہ کمائی کرنے والی بھارتی فلم کا اعزاز حاصل کیا۔ تاہم متھن نے اپنے کیریئر کے ایک مرحلے پر معیار کے بجائے زیادہ فلموں میں کام کرنے کو ترجیح دی۔ وہ ایک سال میں 8 سے 12 فلموں تک میں نظر آئے، جن میں بڑی تعداد کم بجٹ کی ایکشن فلموں کی تھی۔ 1990 کی دہائی میں جب بالی ووڈ میں نئے اداکار مقبول ہونے لگے تو متھن نے کم بجٹ کی ایکشن فلموں کا رخ کیا۔

### ریپر بادشاہ اور اداکارہ ایشا رکھی کا شادی کے محض 5 ماہ بعد علیحدگی کا اعلان

**دونوں کی طلاق کے بعد ہانیہ عامر خبروں کی زد میں آگئیں**

کراچی (آن لائن) بھارتی ریپر بادشاہ اور اداکارہ ایشا رکھی نے شادی کے محض 5 ماہ بعد علیحدگی کا اعلان کردیا۔ دونوں نے مشترکہ بیان میں تصدیق کی کہ انہوں نے باہمی رضامندی سے اپنے راستے جدا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ گزشتہ کئی روز سے سوشل میڈیا پر جوڑے کی علیحدگی کی افواہیں گردش کررہی تھیں، جس کی اب بادشاہ اور ایشا نے خود تصدیق کردی ہے۔ دونوں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ انہوں نے باہمی احترام کے ساتھ الگ ہونے کا فیصلہ کیا ہے اور مداحوں سے درخواست کی کہ اس دوران ان کی نجی زندگی کا احترام کیا جائے۔ بادشاہ اور ایشا نے اپنی علیحدگی کی وجہ ظاہر نہیں کی، تاہم طلاق کے اعلان کے بعد سوشل میڈیا پر ایک بار پھر پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر کا نام بادشاہ کے ساتھ جوڑا جانے لگا۔ تاہم یہ واضح رہے کہ ہانیہ عامر کا بادشاہ اور ایشا رکھی کی علیحدگی سے تعلق ثابت کرنے کے لیے کوئی ثبوت موجود نہیں۔ ہانیہ عامر اور بادشاہ کی دوستی کافی عرصے سے سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز رہی ہے۔ دونوں کے درمیان انسٹاگرام پر ہونے والی گفتگو اور بعد ازاں دبئی میں ملاقات کی تصاویر اور ویڈیوز نے ماضی میں ان کے درمیان تعلقات کی افواہوں کو جنم دیا تھا۔ اپریل 2024 میں ہانیہ نے دبئی میں بادشاہ کے ساتھ وقت گزارنے کی تصاویر اور ویڈیوز بھی شیئر کی تھیں، جس کے بعد دونوں کے درمیان دوستی سے بڑھ کر تعلق ہونے کی چہ مگوئیاں تیز ہوگئی تھیں۔ تاہم ہانیہ عامر اور بادشاہ دونوں ہی متعدد مواقع پر ڈیٹنگ کی افواہوں کی تردید کر چکے ہیں۔ ایک انٹرویو میں ہانیہ نے بادشاہ کو اپنا بہترین دوست قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ غیر شادی شدہ ہونے کی وجہ سے ان کے بارے میں اکثر مختلف افواہیں سامنے آتی رہتی ہیں۔ بادشاہ نے بھی ہانیہ عامر کو اپنی بہت اچھی دوست قرار دیا تھا اور کہا تھا کہ دونوں کے درمیان مضبوط دوستی ہے، تاہم لوگ ان کے تعلق کو اپنی اپنی طرح سے دیکھتے ہیں۔ واضح رہے کہ ایشا رکھی بادشاہ کی پہلی اہلیہ نہیں تھیں۔ اس سے قبل بادشاہ کی شادی جیسمین مسیح سے ہوئی تھی۔ دونوں نے 2012 میں شادی کی اور ان کی ایک بیٹی بھی ہے، تاہم 2020 میں دونوں کی طلاق ہوگئی تھی۔

### ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز کا تیسرا ایڈیشن 3 اکتوبر سے شروع ہوگا، وارنر، یوراج، ڈیویلیئرز اور براوو پھر ایکشن میں ہوں گے

**پاکستان اور بھارت سمیت روایتی حریفوں کے درمیان دلچسپ مقابلوں کی توقع بھی کی جارہی ہے**

اسلام آباد (این این آئی) دنیا بھر کے کرکٹ شائقین کے لیے بڑی خبر، ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز (ڈبلیو سی ایل) 2026 کا تیسرا ایڈیشن 3 اکتوبر سے 18 اکتوبر 2026 تک دوحہ میں کھیلا جائے گا جس میں بین الاقوامی کرکٹ کے سابق اور ریٹائرڈ سپر اسٹارز ایک بار پھر میدان میں اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے۔ ٹورنامنٹ کے تیسرے سیزن میں آسٹریلیا کے جارح مزاج اوپنر ڈیوڈ وارنر، بھارت کے سابق اسٹار آل راؤنڈر یوراج سنگھ، جنوبی افریقہ کے معروف بلے باز اے بی ڈی ویلیئرز اور ویسٹ انڈیز کے سابق آل راؤنڈر ڈوین براوو سمیت متعدد عالمی شہرت یافتہ کھلاڑی ایکشن میں نظر آئیں گے۔ اس مرتبہ ڈبلیو سی ایل کے دائرہ کار کو مزید وسعت دیتے ہوئے بنگلہ دیش چیمپئنز کو بھی پہلی بار ٹورنامنٹ میں شامل کیا گیا ہے، جس کے بعد شریک ٹیموں کی تعداد بڑھ کر سات ہوگئی ہے۔ ٹرافی کے حصول کے لیے پاکستان چیمپئنز، انڈیا چیمپئنز، آسٹریلیا چیمپئنز، ساؤتھ افریقہ چیمپئنز، ویسٹ انڈیز چیمپئنز، انگلینڈ چیمپئنز اور بنگلہ دیش چیمپئنز میدان میں اتریں گی۔ 16 روز تک جاری رہنے والے اس ٹورنامنٹ میں شائقین کو نہ صرف اپنے پسندیدہ سابق عالمی کرکٹ اسٹارز کو دوبارہ ایکشن میں دیکھنے کا موقع ملے گا بلکہ پاکستان اور بھارت سمیت روایتی حریفوں کے درمیان دلچسپ مقابلوں کی توقع بھی کی جارہی ہے۔ بنگلہ دیش چیمپئنز کی شمولیت سے تیسرے سیزن میں مقابلے مزید وسیع اور دلچسپ ہونے کی توقع ہے، جبکہ عالمی کرکٹ کے بڑے ناموں کی موجودگی ڈبلیو سی ایل 2026 کو شائقین کے لیے خصوصی توجہ کا مرکز بنائے گی۔

### لیجنڈ کھلاڑی اور کپتان لیونل میسی کو شاندار خراجِ تحسین پیش کرنے کا فیصلہ

**تمام فٹبال میچز پہلے ہاف کے 10 ویں منٹ میں ایک منٹ کیلئے روک دیے جائیں گے میسی کے اعزاز میں تالیاں بجائی جائیں گی**

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن (اے ایف اے) نے کھیل سے حالیہ ریٹائرمنٹ کا اعلان کرنے والے قومی ٹیم کے لیجنڈ کھلاڑی اور کپتان لیونل میسی کو شاندار خراج تحسین پیش کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق رواں ہفتے کے اختتام پر ارجنٹائن میں ہونے والے تمام ملکی مردوں اور خواتین کے فٹبال میچز پہلے ہاف کے 10 ویں منٹ میں ایک منٹ کیلئے روک دیے جائیں گے اور لیونل میسی کے اعزاز میں تالیاں بجائی جائیں گی۔ ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن کے مطابق ویڈیو سکرین سے لیس تمام سٹیڈیمز میں میچ شروع ہونے سے قبل لیونل میسی کے کیریئر پر مبنی خصوصی خراج تحسین ویڈیو بھی چلائی جائے گی۔ لیونل میسی نے 2005 میں ارجنٹائن کی سینئر قومی ٹیم سے ڈیبیو کیا تھا اور قومی ٹیم کی جانب سے 125 گول کے ساتھ آل ٹائم ٹاپ سکورر بنے۔ انہوں نے 6 عالمی کپ کھیلے اور 2022 میں ارجنٹائن کو عالمی کپ جتوانے میں اہم کردار ادا کیا۔ 39 سالہ لیونل میسی عالمی کپ میں 34 میچز کھیلنے اور 23 فتوحات حاصل کرنے کے ریکارڈ بھی رکھتے ہیں۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر اپنے ہاتھ سے لکھی تحریر میں اعلان کیا کہ 2026 عالمی کپ کا سپین کے خلاف فائنل ان کا ارجنٹائن کے لیے آخری میچ تھا اور وہ 39 سال کی عمر میں بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائر ہورہے ہیں۔ لیونل میسی نے اپنے پیغام میں کہا کہ انہوں نے اپنی پوری توانائی صرف کردی اور اب ان کے پاس دینے کے لیے کچھ باقی نہیں، تاہم یہ فیصلہ ان کے لیے تکلیف دہ تھا اور اب بھی دل کی گہرائیوں میں تکلیف دیتا ہے، لیکن وہ سمجھتے ہیں کہ وقت آ گیا ہے۔ ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن کے مطابق ویڈیو سکرین سے لیس تمام سٹیڈیمز میں میچ شروع ہونے سے قبل لیونل میسی کے کیریئر پر مبنی خصوصی خراج تحسین ویڈیو بھی چلائی جائے گی۔

### معروف دفاعی کھلاڑی انتونیو روڈیگر کا 33 سال کی عمر میں بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

**کافی غور وفکر کے بعد اب قومی ٹیم کے کیریئر کو ختم کرنے اور نوجوان نسل کیلئے راستہ بنانے کا وقت آ گیا ہے، انتونیو**

برلن (این این آئی) جرمنی کے معروف دفاعی کھلاڑی انتونیو روڈیگر نے 33 سال کی عمر میں بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق انتونیو روڈیگر نے 2026 کے عالمی کپ میں جرمنی کی جانب سے آخری میچ کھیلنے کے تقریباً 2 ماہ بعد قومی ٹیم سے علیحدگی کا فیصلہ کیا ہے۔ انتونیو روڈیگر نے جرمنی کی جانب سے 86 میچز کھیلے۔ انہوں نے کہا کہ کافی غور وفکر کے بعد اب قومی ٹیم کے کیریئر کو ختم کرنے اور نوجوان نسل کے لیے راستہ بنانے کا وقت آ گیا ہے۔ انتونیو روڈیگر نے 2014 میں جرمنی کی قومی ٹیم کے لیے ڈیبیو کیا تھا، تاہم اسی سال عالمی کپ جیتنے والی جرمن ٹیم کے سکواڈ میں انہیں شامل نہیں کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اب وہ اپنی توجہ کلب فٹبال پر مرکوز کرنا چاہتے ہیں۔ برلن میں پیدا ہونے والے انتونیو روڈیگر نے بوروسیا ڈورٹمنڈ اور شٹ گارٹ کی یوتھ اکیڈمی سے فٹبال کیریئر شروع کیا، بعد ازاں روما اور پھر 2017 میں چیلسی کا حصہ بنے، جہاں انہوں نے 2021 میں چیمپئنز لیگ جیتی 2022 میں ریال میڈرڈ منتقل ہونے کے بعد انہوں نے 2024 میں چیمپئنز لیگ اور لالیگا کا اعزاز حاصل کیا۔ انتونیو روڈیگر کا قومی ٹیم میں دور جرمنی کے لیے مشکل دہائی کے ساتھ رہا۔ جرمنی 2018 اور 2022 کے عالمی کپ میں گروپ مرحلے سے آگے نہ بڑھ سکا، جبکہ 2026 کے عالمی کپ میں پیراگوئے کے ہاتھوں ٹاپ 32 راؤنڈ پر شکست کے ساتھ اس کا سفر ختم ہوا، جو انتونیو روڈیگر کا قومی ٹیم کے لیے آخری میچ بھی تھا۔ انتونیو روڈیگر نے کہا کہ اگرچہ حالیہ ٹورنامنٹس میں بڑی کامیابی ان کی ٹیم کے حصے میں نہیں آئی اور انہیں کئی تکلیف دہ شکستوں کا سامنا کرنا پڑا، تاہم قومی ٹیم کے ساتھ گزارا وقت ان کی زندگی کا انتہائی خاص باب تھا جو ہمیشہ ان کی شخصیت پر اثر انداز رہے گا۔

### انجری کا ڈرامہ کیا یا حقیقت تھی، امام الحق کو وضاحت دینی ہوگی، عاقب جاوید

**توقع تھی امام الحق مشکل صورتحال میں ٹیم کیلئے میدان میں اتر کر مزاحمت کرتے، گفتگو**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے انگلینڈ کے خلاف لارڈز ٹیسٹ میں اوپنر امام الحق کے دونوں اننگز میں بیٹنگ نہ کرنے پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ انجری کا ڈرامہ کیا یا حقیقت تھی، امام الحق کو وضاحت دینی ہوگی۔ ایک انٹرویو میں عاقب جاوید نے کہا کہ امام الحق کی انجری کا معاملہ ان کے لیے باعث تشویش اور مایوسی کا سبب ہے، ان کے مطابق بائیں پنڈلی میں معمولی نوعیت کے کھچاؤ کے باعث امام الحق ٹیسٹ میں بیٹنگ کے لیے میدان میں نہیں اترے تاہم انہیں توقع تھی کہ وہ مشکل صورتحال میں ٹیم کے لیے مزاحمت کرتے۔ عاقب جاوید نے واضح کیا کہ امام الحق کو اس معاملے پر وضاحت دینا ہوگی اور ان کے خلاف انکوائری بھی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ وہ یہ دعویٰ نہیں کررہے کہ امام نے انجری کا ڈرامہ کیا تاہم یہ جاننا ضروری ہے کہ معمولی نوعیت کی پٹھوں کی انجری نے انہیں دونوں اننگز میں بیٹنگ سے کیسے روکا۔ واضح رہے کہ لارڈز ٹیسٹ میں شکست کے بعد پی سی بی نے امام الحق سمیت سات کھلاڑیوں کو وطن واپس بلا لیا ہے جبکہ کوچنگ اسٹاف میں بھی بڑی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ عاقب جاوید نے ٹیم کے انتخاب اور نتائج میں درست کمبی نیشن نہ بنانے پر سابق انتظامیہ کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا۔ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان تیسرا ٹیسٹ 9 ستمبر سے ایجبسٹن میں شروع ہوگا۔

### گراس روٹ لیول ہاکی ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت مانسہرہ میں پروقار تقریب کا انعقاد

**مانسہرہ تا کاغان تک کے 24 سے زائد سرکاری اسکولوں کی انڈر 15 ٹیموں میں ہاکی کا سامان اور مکمل کٹ بیگز تقسیم کیے گئے**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی کی ہدایات پر گراس روٹ لیول ہاکی ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت مانسہرہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلع مانسہرہ تا کاغان تک کے 24 سے زائد سرکاری اسکولوں کی انڈر 15 ٹیموں میں ہاکی کا سامان اور مکمل کٹ بیگز تقسیم کیے گئے۔ یہ اقدام پاکستان ہاکی فیڈریشن، خیبر پختونخوا اسپورٹس بورڈ، محکمہ تعلیم اور کے پی کے ہاکی ایسوسی ایشن کے مشترکہ تعاون سے مانسہرہ کے مختلف اسکولوں میں انڈر 15 اسکول ہاکی ٹیموں کے قیام اور ان کی مضبوطی کیلئے اٹھایا گیا ہے۔ تقریب کے مہمان خصوصی ایڈیشنل سیکرٹری آئی پی سی ذکاء اللہ خٹک تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر مانسہرہ خالد اقبال خٹک نے بطور مہمان اعزاز شرکت کی اور نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی۔ تقریب میں پی ایچ ایف سلیکشن کمیٹی ممبر اولمپین نعیم اختر، چیف کوچ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف اسپورٹس کے پی کے شفقت اللہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر، پرنسپل جی ایچ ایچ ایس نمبر 01 مانسہرہ، مختلف اسکولوں کے پرنسپلز، اولمپینز، پی ایچ ایف اور صوبائی ہاکی ایسوسی ایشن کے نمائندگان سمیت کھیل سے محبت کرنے والوں، کوچز اور کھلاڑیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر حکام نے بتایا کہ جنوری 2027 میں "انڈر 15 نیشنل ہاکی چیمپئن شپ" کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس منصوبے کے اگلے مراحل میں ایبٹ آباد سمیت کے پی کے کے دیگر اضلاع، فیصل آباد، جنوبی پنجاب، سندھ اور بلوچستان تک کٹس کی تقسیم اور پروگرام کو وسعت دی جائے گی۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد اسکول کی سطح سے ہی بچوں کو ہاکی کی جانب راغب کرنا، باقاعدہ تربیت فراہم کرنا اور گراس روٹ لیول سے نیا ٹیلنٹ تلاش کر کے قومی ٹیم کے لیے ایک مضبوط نرسری تیار کرنا ہے۔

### ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن کا لیونل میسی کو شاندار خراجِ تحسین پیش کرنیکا فیصلہ

**ملک میں ہونیوالے تمام فٹبال میچز پہلے ہاف کے 10 ویں منٹ میں ایک منٹ کیلئے روک کر تالیاں بجائی جائیں گی**

بیونس آئرس (آن لائن) ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن (اے ایف اے) نے کھیل سے حالیہ ریٹائرمنٹ کا اعلان کرنے والے قومی ٹیم کے لیجنڈ کھلاڑی اور کپتان لیونل میسی کو شاندار خراج تحسین پیش کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ای ایس پی این کے مطابق اس سلسلے میں رواں ہفتے کے اختتام پر ارجنٹائن میں ہونے والے تمام ملکی مردوں اور خواتین کے فٹبال میچز پہلے ہاف کے 10 ویں منٹ میں ایک منٹ کے لیے روک دیے جائیں گے اور لیونل میسی کے اعزاز میں تالیاں بجائی جائیں گی۔ ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن کے مطابق ویڈیو سکرین سے لیس تمام سٹیڈیمز میں میچ شروع ہونے سے قبل لیونل میسی کے کیریئر پر مبنی خصوصی خراج تحسین ویڈیو بھی چلائی جائے گی۔ لیونل میسی نے 2005 میں ارجنٹائن کی سینئر قومی ٹیم سے ڈیبیو کیا تھا اور قومی ٹیم کی جانب سے 125 گول کے ساتھ آل ٹائم ٹاپ سکورر بنے۔ انہوں نے 6 عالمی کپ کھیلے اور 2022 میں ارجنٹائن کو عالمی کپ جتوانے میں اہم کردار ادا کیا۔ 39 سالہ لیونل میسی عالمی کپ میں 34 میچز کھیلنے اور 23 فتوحات حاصل کرنے کے ریکارڈ بھی رکھتے ہیں۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر اپنے ہاتھ سے لکھی تحریر میں اعلان کیا کہ 2026 عالمی کپ کا سپین کے خلاف فائنل ان کا ارجنٹائن کے لیے آخری میچ تھا اور وہ 39 سال کی عمر میں بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائر ہورہے ہیں۔ لیونل میسی نے اپنے پیغام میں کہا کہ انہوں نے اپنی پوری توانائی صرف کردی اور اب ان کے پاس دینے کے لیے کچھ باقی نہیں، تاہم یہ فیصلہ ان کے لیے تکلیف دہ تھا اور اب بھی دل کی گہرائیوں میں تکلیف دیتا ہے، لیکن وہ سمجھتے ہیں کہ وقت آ گیا ہے۔

### بقیہ صباء 1

آر) کے مطابق سکیورٹی فورسز نے پیشہ ورانہ انداز میں دہشت گردوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا اور بھارتی سرپرست یافتہ 15 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مارے گئے خوارج سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے، بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کو ختم کرنے کے لیے کلیئرنس آپریشن بھی کیا جا رہا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملک میں امن و استحکام کو دہشت گرد سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے تھے، افغان طالبان حکومت دہشت گرد تنظیم کو افغان سرزمین استعمال کرنے سے روکنے میں ناکام رہی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق افغان طالبان حکومت موثر سرحدی انتظام یقینی بنانے اور اپنی بین الاقوامی ذمے داریوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ آئی ایس پی آر نے واضح کیا کہ سکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع کے لیے پرعزم ہیں، غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی ختم کرنے کیلئے انسداد دہشت گردی مہم جاری رہے گی۔

### بقیہ صباء 2

کیا گیا، جس کے نتیجے میں ابتدائی اطلاعات کے مطابق 6 اہلکار شہید جبکہ متعدد زخمی ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق ایف سی کا کانوائے پانچ گاڑیوں پر مشتمل تھا اور میجر صلاح الدین کی قیادت میں زیارت کراس سے آگے پمپنگ اسٹیشن نمبر 3 کے مقام پر نجی چوکی کے قیام کے لیے جا رہا تھا کہ پل موڑ کے قریب اسے نشانہ بنایا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حملے کے بعد فائرنگ کا شدید تبادلہ شروع ہو گیا، جو اطلاعات کے مطابق تاحال جاری ہے

### بقیہ صباء 3

سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ سیرت نبوی ﷺ ہمارے لیے مکمل ضابطہ حیات اور دنیا و آخرت میں کامیابی کا حقیقی راستہ ہے، عصر حاضر میں نوجوانوں کو درپیش تعلیمی، معاشی اور سماجی چیلنجز کا پائیدار حل اسلامی تعلیمات اور سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں تلاش کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار الحمد اسلامک یونیورسٹی کے شعبہ علوم اسلامیہ کے زیر اہتمام دوسری بین الاقوامی سیرت کانفرنس 2026 کے اسلام آباد سیشن سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس کا موضوع "عصر حاضر میں نوجوانوں کو درپیش تعلیمی، معاشی اور سماجی چیلنجز اور سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں ان کا حل" تھا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفی ﷺ کی سیرت مبارکہ پوری انسانیت کے لئے رحمت، امن، محبت، مساوات، عدل اور رواداری کا عملی نمونہ ہے۔ دنیا نے سائنس، ٹیکنالوجی اور مادی ترقی میں بے مثال کامیابیاں حاصل کی ہیں تاہم انسان آج بھی بے چینی، نفرت، تعصب اور عدم تحفظ جیسے مسائل کا شکار ہے، ایسے حالات میں سیرت طیبہ ﷺ ہی وہ روشن راستہ ہے جو انسانیت کو امن، محبت اور باہمی احترام کا درس دیتا ہے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ آج دنیا میں بڑھتے باہمی، رواداری اور مذہبی ہم آہنگی کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے، میثاق مدینہ مختلف مذاہب اور طبقات کے درمیان امن، باہمی احترام، حقوق کے تحفظ اور ذمہ داریوں کی ادائیگی کا تاریخی نمونہ ہے، فتح مکہ کے موقع پر رسول اکرم ﷺ کا بے مثال عفو و درگزر بھی پوری انسانیت کے لئے عظیم مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نبوت سے قبل بھی صداقت اور امانت کے باعث صادق و امین کے لقب سے معروف تھے، اگر ہم معاشرے میں حقیقی تبدیلی، امن اور ترقی چاہتے ہیں تو سچائی، دیانتداری، امانت، وعدے کی پاسداری، عدل اور حسن اخلاق کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ نوجوان کسی بھی ملک کا سب سے قیمتی سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہوتے ہیں، پاکستان خوش قسمت ہے کہ اس کی 60 فیصد سے زائد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، نوجوانوں کو جدید تعلیم، تحقیق اور ہنر سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ اسلامی اقدار، اخلاقیات اور سیرت طیبہ ﷺ سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں میں نفرت، تعصب اور منفی رجحانات کا فروغ تشویشناک ہے، نوجوان نسل کی اصلاح کے لئے ان کے دلوں سے تعصب اور نفرت کو نکال کر علم، کردار، برداشت، مثبت سوچ اور باہمی احترام کو فروغ دینا ہوگا۔ سوشل میڈیا کے منفی استعمال کی روک تھام اور نوجوانوں کو مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں اور قیادت کو ملک و قوم کے وسیع تر مفاد کو ترجیح دینی چاہیے، ہمیں ایسی سیاسی سوچ اور قیادت کو آگے لانا ہوگا جو پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لئے اپنا کردار ادا کرے اور ذاتی مفادات کے بجائے قومی مفاد کو مقدم رکھے، ملک کی ترقی اور بہتری اسی وقت ممکن ہے جب ہم احتساب کا آغاز خود اپنی ذات سے کریں اور مخلص، باصلاحیت اور محب وطن افراد کو آگے آنے کا موقع دیں۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ایک وقت تھا جب عالمی سطح پر پاکستان کے بارے میں منفی تاثر پایا جاتا تھا تاہم اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم، موجودہ سیاسی و عسکری قیادت کی کاوشوں اور محنت کے نتیجے میں آج دنیا بھر میں پاکستان کے وقار اور مثبت تشخص میں بہتری آئی ہے، ہمیں اپنی سیاسی اور عسکری قیادت کی ان کاوشوں پر فخر ہے جن کے باعث پاکستان کا نام عالمی سطح پر بہتر انداز میں اجاگر ہوا۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ اہم بین الاقوامی پیشرفتوں اور معاہدوں میں پاکستان کا کردار ملک کے لئے باعث فخر ہے، خانہ کعبہ کی حرمت اور حفاظت ہر مسلمان کے دل کے قریب ہے اور اس مقدس ذمہ داری کے لئے ہر پاکستانی اپنی جان تک قربان کرنے کے لئے تیار ہے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اسلامی تعلیمات پر مکمل عمل پیرا ہو کر نہ صرف دنیا میں ایک باوقار، پرامن اور کامیاب معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے بلکہ آخرت میں بھی کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔ سیرت نبوی ﷺ کے موضوع پر علمی و تحقیقی سرگرمیوں کا فروغ نوجوان نسل کی فکری، اخلاقی اور روحانی تربیت میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ انہوں نے دوسری بین الاقوامی سیرت کانفرنس 2026 کے انعقاد پر الحمد اسلامک یونیورسٹی کے شعبہ علوم اسلامیہ، منتظمین، دانشوروں اور محققین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ کانفرنس سیرت طیبہ ﷺ کے آفاقی پیغام کو عام کرنے، نوجوان نسل کی فکری و اخلاقی تربیت اور معاشرے میں اسلامی اقدار کے فر

### بقیہ صباء 4

ی غیر معمولی پیشہ ورانہ صلاحیت، فرض شناسی اور چوکسی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع کے لیے سکیورٹی فورسز کی بے مثال جرات اور بروقت جوابی وار پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے دو ٹوک موقف اپناتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے امن اور استحکام کو نقصان پہنچانے والے بیرونی سرپرستی یافتہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ہر محاذ پر اسی طرح ناکام بنایا جاتا رہے گا۔ انہوں نے اس عزم کو دہرایا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم یکسو اور متحد ہے اور دشمن کے ہر وار کو ناکام بنانے کے لیے سکیورٹی اداروں کی پشت پر کھڑی ہے۔

### بقیہ صباء 5

اور یکم ستمبر 2026 کو کوئٹہ میں جنوبی پشتونخوا کے عوام اور پشتون قوم کا جرگہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے جرگہ کی متفقہ قراردادوں کی منظوری لی۔ جنوبی پشتونخوا کے عوام کے اس تین روزہ نمائندہ جرگے میں مختلف اضلاع سے آئے ہوئے سیاسی و سماجی رہنماؤں، قبائلی نمائندین، دانشوروں، وکلاء، نوجوانوں، خواتین، مزدوروں، کسانوں، تاجروں، صحافیوں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے نمائندوں نے ملک، بالخصوص پشتون علاقوں کی موجودہ سیاسی، آئینی، امن و امان، معاشی، سماجی اور قومی صورتحال پر تفصیلی غور و خوض کیا۔ جرگہ شرکاء کی تقاریر، آراء اور تجاویز کی روشنی میں درج ذیل قراردادیں متفقہ طور پر منظور کرتا ہے۔ جرگہ اپنے تین روزہ اجلاس کو کامیاب، بامقصد اور بھرپور بنانے پر تمام معزز شرکاء، سیاسی و سماجی رہنماؤں، قبائلی نمائندین، دانشوروں، وکلاء، نوجوانوں، خواتین، کارکنوں، صحافیوں اور معاونین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہے اور ان کے قومی جذبے، سیاسی شعور اور جمہوری عزم کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ جرگہ جنوبی پشتونخوا، بالخصوص دکی، ہرنائی، زیارت، کوئٹہ، ہنہ اوڑک، ماڑگی، منگل، چمن، سراوان، سرہ غوڑگئی، زیارت کراس، قلعہ عبداللہ خان، تحصیل گلستان، ملیزئی، محمدزئی اور میزئی اڈہ سمیت مختلف علاقوں میں مسلسل بگڑتی ہوئی امن و امان کی صورتحال، پرتشدد قتل و غارت کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار اور ہر قسم کی دہشت گردی، انتہاپسندی، پراکسیز، مسلح کارروائیوں، ٹارگٹ کلنگ، قتل و غارت، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور ریاستی و غیر ریاستی تشدد کی دو ٹوک مذمت کرتا ہے۔

### بقیہ صباء 6

نے 15 بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کو سراہتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کی سرحدوں کے دفاع اور امن و استحکام کے تحفظ کے لیے سکیورٹی فورسز کا عزم قابل تحسین ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کو پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان کے قریب پاک افغان سرحد پر فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے خوارج کی دراندازی کی کوشش کو ناکام بنانے اور 15 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں کو شاندار خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی سکیورٹی فورسز نے انتہائی پیشہ ورانہ مہارت، صبر اور جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے تک سکیورٹی فورسز کی انسداد دہشت گردی کی عزم استحکام مہم پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رہے گی، پوری قوم کو اپنی بہادر مسلح افواج پر فخر ہے جو ملکی سرحدوں کے دفاع اور وطن کی سلامتی کے لیے برسرپیکار ہیں۔

### بقیہ صباء 7

کر رہے ہیں۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے ماہی گیری برکت رند نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ان کے دور میں 20 سے زائد ٹرالر پکڑے گئے ہیں اور بلوچستان کی سمندری حدود میں ٹرالرز کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ حکومتی یقین دہانی پر توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا گیا۔ رکن اسمبلی اسد اللہ بلوچ نے پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب سے اندرون ملک پروازیں چلانے سے متعلق قرارداد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال کے باعث عوام کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا ہے اور اندرون ملک فضائی رابطوں کی بحالی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بلوچستان اسمبلی نے قرارداد منظور کر لی۔ ایوان نے سندھ میں پشتون تاجروں کے خلاف مبینہ کارروائیوں کی تحقیقات سے متعلق قرارداد بھی منظور کر لی۔ قرارداد رکن اسمبلی اصغر علی ترین نے پیش کی۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمن نے سندھ پولیس کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے الزام عائد کیا کہ سندھ پولیس بلوچستان کے عوام کو ہراساں اور لوٹ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں کراچی گئے تو سندھ پولیس ان کے پیچھے بھی پڑ گئی۔ رکن اسمبلی نور محمد دمڑ نے زیارت روڈ پر سڑک تعمیر کرنے والے کیمپ پر دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حملہ آوروں نے تعمیراتی مشینری کو آگ لگائی اور مزدوروں کو اغوا کیا۔ انہوں نے واقعے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔ اجلاس میں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر میر صادق عمرانی کے خلاف گزشتہ اجلاس میں مبینہ نامناسب الفاظ کے استعمال پر مشترکہ مذمتی قرارداد بھی پیش کی گئی، جسے ایوان نے منظور کر لیا۔ قرارداد صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ میر صادق عمرانی کے الفاظ سے بلوچستان کے عوام کی دل آزاری ہوئی، جبکہ اسلام آباد کانفرنس میں بلوچستان کے لوگوں کو عزت دی گئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ جسے ان کی جماعت نے پارلیمانی لیڈر بنایا وہ کبھی کچھ کہتے ہیں اور کبھی کچھ کہتے ہیں۔ وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ صادق عمرانی نے بلوچستان کے عوام اور اسلام آباد جانے والے وفد کی دل آزاری کی، اس لیے گزشتہ اجلاس میں استعمال کیے گئے متنازع الفاظ اسمبلی کی کارروائی سے حذف کیے جائیں۔ فرح عظیم شاہ نے کہا کہ اسلام آباد کانفرنس میں سب کو عزت دی گئی، صادق عمرانی نے نامناسب الفاظ استعمال کیے، انہیں اس پر معافی مانگنی چاہیے۔

### بقیہ صباء 8

ہے کہ حکومتی حلقوں نے پیپلز پارٹی سے قانون سازی کے معاملات، بالخصوص قومی اسمبلی اور سینیٹ کی قائمہ کمیٹیوں کی سطح پر حکومتی بلوں کی حمایت کی درخواست کی۔ حکومت کی جانب سے قائمہ کمیٹیوں میں قانون سازی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے پیپلز پارٹی کے تعاون کی خواہش کا اظہار کیا گیا۔ پیپلز پارٹی ذرائع کے مطابق پارٹی نے حکومت کو واضح جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال میں پیپلز پارٹی پارلیمان میں حکومت کو سپورٹ نہیں کرے گی اور قائمہ کمیٹیوں سمیت قومی اسمبلی اور سینیٹ میں حکومتی بلوں کی حمایت کی پالیسی اختیار نہیں کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی نے اپنے پارلیمنٹیرینز کو پارٹی پالیسی پر واضح ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ارکان کو حکومتی بلوں کی حمایت میں ووٹ نہ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی کرنے والے پارلیمنٹیرین کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات سے متعلق حکومتی بل کی بھی حمایت نہیں کرے گی۔ پیپلز پارٹی کے عدم تعاون کے باعث قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے آبی وسائل میں واپڈا سے متعلق بل بھی موخر کرنا پڑا۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کی عدم تعاون کی پالیسی کے باعث حکومت کو پارلیمان میں قانون سازی آگے بڑھانے میں مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ حکومتی حلقوں کی جانب سے پیپلز پارٹی کو قانون سازی کے معاملات میں ساتھ ملانے کے لیے رابطوں کا سلسلہ جاری ہے۔

### بقیہ صباء 9

بارودی سرنگیں بچھا دی ہیں۔ ایرانی مسلح افواج کی آپریشنل کوآرڈینیشن کی ذمہ دار خاتم الانبیا مرکزی ہیڈکوارٹر کے ترجمان ابراہیم ذوالفقاری کا سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری ایک بیان میں کہنا ہے کہ رات کی کارروائی کے دوران آبنائے ہرمز کے جنوب میں غیر قانونی بحری راستوں پر مزید بحری بارودی سرنگیں بچھا دی گئی ہیں۔ ابراہیم ذوالفقاری نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے آبنائے ہرمز کا نام تبدیل کر کے ایران کی گزرگاہ کا نام آبنائے ٹرمپ رکھنے کی تجویز کا بھی تمسخر اڑایا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اس اقدام کے جواب میں مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی کارروائیوں کی نگرانی کرنے والی امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) صرف فوٹو شاپ کے ذریعے آبنائے کا نام تبدیل کر سکتی ہے۔ انہوں نے واشنگٹن پر طنز کرتے ہوئے کہا کہ مسئلہ حل ہو گیا، اب امریکا فوٹو شاپ کے ذریعے ہی تیل بردار جہازوں کو بھی اس گزرگاہ سے گزار سکتا ہے۔ یہ بیان واشنگٹن اور تہران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران سامنے آیا ہے۔ اس سے قبل سینٹکام نے اعلان کیا تھا کہ سمندری آمد و رفت کے تمام راستوں سے بحری بارودی سرنگیں ہٹا دی گئی ہیں، اور تیل بردار جہازوں کے سرنگوں سے ٹکرانے سے متعلق اطلاعات کو گمراہ کن قرار دیا تھا۔ ایران کے پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا تھا کہ دو تیل بردار بحری جہاز، امریکی فوج کے کہنے پر جن کے عملے کو اتار دیا گیا تھا اور وہ جہاز غیر قانونی راستے سے گزرنے کے لیے امریکی عناصر کے اختیار میں دے دیے گئے تھے، اب بارودی سرنگ سے ٹکرا کر دھماکے سے پھٹ گئے ہیں اور آگ کی لپیٹ میں ہیں۔ بیان میں کہا گیا تھا کہ اس سے پہلے پاسداران انقلاب کی بحریہ نے بارودی سرنگوں سے آلودہ گزرگاہ عبور کرنے کے خطرات کے بارے میں خبردار کیا تھا۔ پاسداران انقلاب کے بیان میں مزید کہا گیا کہ وہ بحری کمپنیاں جو قانونی راستہ اختیار کرنے کے بجائے امریکہ کے دھوکے میں آتی ہیں اور اپنے جہاز دشمن کے اختیار میں دے دیتی ہیں، ان کے لیے اضافی سزائیں بھی تجویز کی گئی ہیں جن پر جلد عمل درآمد کیا جائے گا۔

### بقیہ صباء 10

کاری، جدید صنعت، ٹرانسپورٹ، توانائی اور ٹیکنالوجی کو تیز رفتار بنیادوں پر آگے بڑھایا جائے گا۔ صدر پوتن نے کہا کہ ایشیا پیسفک خطہ آج عالمی اقتصادی ترقی کا ایک بڑا مرکز بن چکا ہے اور روس اس خطے کے ساتھ اپنے اقتصادی اور تجارتی روابط کو مزید مضبوط کرے گا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ یکم جنوری 202 سے پورے روسی دور مشرق اور آرکٹک میں کاروبار اور سرمایہ کاری کیلئے ایک متحد ترجیحی نظام نافذ کیا جائے گا، نئے نظام سے سرمایہ کاروں کیلئے مراعات حاصل کرنا آسان ہوگا جبکہ غیر ضروری انتظامی اور بیوروکریٹک رکاوٹیں کم کی جائیں گی۔ روسی صدر نے کہا کہ گزشتہ 11 برسوں کے دوران دور مشرق میں تقریباً 25 ٹریلین روبل کی سرمایہ کاری ہوئی جبکہ خطے کی مجموعی علاقائی پیداوار تین گنا سے زیادہ بڑھ گئی ہے، یہ نتائج ثابت کرتے ہیں کہ دور مشرق کی ترقی کیلئے اپنائی گئی حکمت عملی مؤثر ثابت ہوئی ہے، تاہم اب اگلے دس برسوں میں ترقی کی رفتار مزید تیز کرنا ہوگی۔ صدر پوتن کا کہنا تھا کہ دور مشرق اور آرکٹک کے کئی اہم اقتصادی اشاریوں میں ترقی کی رفتار روس کی قومی اوسط سے زیادہ ہے، ان علاقوں کی دنیا کے تیزی سے ترقی کرتے اقتصادی مراکز سے جغرافیائی قربت ایک بڑا مسابقتی فائدہ ہے، جس سے بھرپور فائدہ اٹھانا ضروری ہے۔

### بقیہ صباء 11

پیش رفت ہے۔ بہتر معاشی اشاریوں اور قرض واپس کرنے کی صلاحیت سے متعلق پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری کے باعث عالمی سرمایہ کاروں کی جانب سے پاکستانی بانڈز میں دلچسپی بڑھی ہے۔ پاکستان نے یہ بانڈ نئے گلوبل میڈیم ٹرم نوٹ پروگرام کے تحت پہلی مرتبہ جاری کیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق اس اقدام سے عالمی سرمایہ منڈیوں سے مختلف ذرائع کے ذریعے مالی وسائل حاصل کرنے کی راہ ہموار ہوگی اور بیرونی فنانسنگ کے ذرائع کو مزید متنوع بنانے میں مدد ملے گی۔ وزارت خزانہ کے مطابق حکومت کی حکمت عملی محض مزید قرض حاصل کرنے کے بجائے خود مختار قرض کے مؤثر انتظام پر مرکوز ہے، جس کے تحت قرض کی مدت بڑھانے، ری فنانسنگ اور قرضوں کی تجدید سے وابستہ خطرات کم کرنے اور قلیل مدتی مہنگے قرضوں کی جگہ طویل مدتی اور نسبتاً مسابقتی شرح پر فنانسنگ حاصل کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ حکام نے کہا کہ پاکستان پہلے ہی ملکی قرضوں کی بڑے پیمانے پر قبل از وقت ادائیگی کر چکا ہے اور بیرونی فنانسنگ میں بھی اسی مالیاتی نظم و ضبط کو وسعت دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد نے بھی گزشتہ روز کہا تھا کہ 5 سالہ اور 10 سالہ مدت کے دو مختلف ڈالر بانڈز پر مشتمل یورو بانڈ عالمی سرمایہ کاروں کے لیے پیش کیا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق یورو بانڈ کا اجرا پاکستان کی عالمی سرمایہ مارکیٹ میں دوبارہ مؤثر رسائی کی جانب اہم قدم ہے۔ وزارت خزانہ نے کہا کہ معاشی استحکام، بہتر میکرو اکنامک اشاریوں اور مالیاتی نظم و ضبط کے باعث عالمی سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ ریکارڈ یورو بانڈ کا اجرا عالمی مالیاتی منڈیوں میں پاکستان کی واپسی کو مزید مضبوط کرے گا اور مستقبل میں بیرونی فنانسنگ کے لیے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ یورو بانڈ بنیادی طور پر ایسا بین الاقوامی بانڈ ہے جو کوئی حکومت یا ادارہ اپنی مقامی کرنسی کے بجائے غیر ملکی کرنسی میں عالمی سرمایہ کاروں کے لیے جاری کرتا ہے۔ پاکستان کی جانب سے موجودہ بانڈ امریکی ڈالر میں جاری کیے گئے ہیں، جس کے ذریعے حکومت کو عالمی سرمایہ منڈی سے براہ راست مالی وسائل حاصل کرنے کا موقع ملا ہے۔

### بقیہ صباء 12

عرب اور ترکیہ کے درمیان تاریخی معاہدہ ہوا، جس پر وزیراعظم شہباز شریف، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور ترک صدر رجب طیب اردوان نے دستخط کیے۔ معاہدے کا بنیادی اصول واضح ہے کہ ایک ملک پر حملہ تینوں کے خلاف حملہ تصور ہوگا۔ مگر معاہدے کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ یہ معاہدہ کیا نہیں ہے، یہ عالمی نظام کو چیلنج کرنے کے لیے نہیں بلکہ زیادہ مستحکم علاقائی اور عالمی نظام کی جانب ایک قدم ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان شراکت داری کے پیچھے ایک گہری حکمت عملی موجود ہے، تینوں ممالک کے پاس الگ الگ نوعیت کی اہم معاشی، دفاعی، تکنیکی اور جغرافیائی صلاحیتیں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے پاس وسیع معاشی وسائل، توانائی کی طاقت، مالی صلاحیت اور ٹیکنالوجی میں بڑھتے ہوئے عزائم ہیں جبکہ وژن 2030 کے تحت سعودی عرب کی تبدیلی خلیج کے معاشی منظرنامے کو نئی شکل دے رہی ہے۔ ترکیہ کے پاس مضبوط صنعتی بنیاد، ترقی یافتہ دفاعی صنعت اور اہم جغرافیائی حیثیت ہے اور وہ یورپ، ایشیا اور مشرق وسطیٰ کو ملانے والی اہم پوزیشن رکھتا ہے۔ پاکستان کے پاس مسلم دنیا کی بڑی نوجوان آبادی، نمایاں دفاعی صلاحیت اور اہم اسٹریٹجک جغرافیہ موجود ہے۔ پاکستان جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، چین، بحیرہ عرب اور خلیج کو ملانے والی اہم جغرافیائی حیثیت رکھتا ہے جبکہ ملک کے پاس نوجوان انسانی سرمائے کا ایک بڑا ذخیرہ بھی موجود ہے۔ مگر معاہدے کی اصل اہمیت صرف تین ممالک کی فوجی صلاحیتوں کو یکجا کرنے میں نہیں بلکہ اسے سکیورٹی، ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری، رابطوں اور معاشی تعاون کے وسیع ڈھانچے کی بنیاد بنانے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جغرافیائی سیاست کو جغرافیائی معیشت کے ساتھ جوڑنا ہوگا۔ ابھرتے ہوئے عالمی نظام کا سبق یہ نہیں کہ ممالک کو ایک بڑی طاقت کے مقابلے میں دوسری طاقت کا انتخاب کرنا ہوگا۔ ایک بڑی طاقت پر انحصار ختم کر کے دوسری طاقت پر انحصار کرنا مسئلے کا حل نہیں۔ پاکستان کا مقصد اسٹریٹجک تنہائی نہیں بلکہ اسٹریٹجک خود مختاری ہونا چاہیے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ چین ایک بڑی معاشی اور تکنیکی طاقت کے طور پر ابھر چکا ہے، روس بدستور عالمی سطح پر نمایاں اسٹریٹجک اثر و رسوخ رکھتا ہے، یورپ اپنے دفاعی اور سلامتی کے نظام پر نظرثانی کر رہا ہے جبکہ امریکہ آج بھی دنیا کی غالب طاقتوں میں شامل ہے۔

### بقیہ صباء 13

آگاہی ہونی چاہیے کہ بچوں کیلئے کب پیشہ ورانہ طبی نگہداشت ضروری ہے، درست معلومات غذائیت سے متعلق فیصلوں کا بنیادی حصہ ہیں اور ان کی فراہمی حکومتی ذمہ داری ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ یہ صرف صحت کا مسئلہ نہیں، ہو سکتا ہے ماں کے پاس غذا ہو لیکن ممکنہ استعمال کی آگاہی نہ ہو، اس لیے درست پیغام درست لوگوں تک درست وقت پر پہنچنا چاہیے اور مس انفارمیشن کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ غلط فہمی سے متعلق آگاہی ہونی چاہیے، گاؤں میں رہنے والی ماں کے پاس ہو سکتا ہے انٹرنیٹ نہ ہو، تاہم کمیونٹی کمیونیکیشن کے ذریعے ان تک پیغام پہنچایا جا سکتا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہم مباحثے سے ہم فائدہ اٹھا سکتے ہیں، مسائل سب کو معلوم ہیں لیکن مسئلے کا حل ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ زچگی کے ساتھ والدین کی مشترکہ ذمہ داری کو بھی یقینی بنانا ہوگا۔ عطا تارڑ نے کہا کہ حاملہ خواتین کو غذائیت بخش خوراک، آرام اور طبی معاونت کی ضرورت ہوتی ہے، خاندان کو حاملہ خواتین کی غذائی ضروریات کا خیال رکھنا ہوگا جبکہ والدین کی ذمہ داری ہے کہ بچوں کی غذائیت اور بہتر پرورش کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ والد کو چھٹی کے مقصد کے حصول کے لیے اس کے استعمال کی نگرانی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچے کی پیدائش پر والد کی چھٹی واقعی خاندان اور ماں بچے کی مدد کیلئے استعمال ہو، اس کا جائزہ لینا ہوگا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ بچوں کی غذائیت کے لیے شواہد پر مبنی طریقہ کار کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ غذائیت کے معاملے میں خاندانی ذمہ داری کو مشترکہ بنانا ہوگا اور غلط معلومات کے مقابلے میں درست معلومات تیزی سے عوام تک پہنچنی چاہئیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ ماہرین، پروفیشنلز اور ڈیجیٹل کریئیٹرز کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ غلط معلومات کے خلاف موثر ماحول پیدا کرنے کی ضرورت ہے، صرف لوگوں تک پیغام پہنچانا آگاہی مہم کی کامیابی نہیں بلکہ رویوں میں تبدیلی ضروری ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ آگاہی مہم کی کامیابی کا اصل معیار لوگوں کے رویوں میں مثبت تبدیلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو حمل اور بچے کی پیدائش کے دوران غذائی معاونت تک رسائی ملنی چاہیے۔ عطا تارڑ کے مطابق ماں اور بچے کی بہتر صحت کیلئے غذائیت اور درست معلومات تک رسائی ضروری ہے۔

### بقیہ صباء 14

کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، تاکہ آٹے کے ممکنہ بحران پر قابو پایا جا سکے اور عوام کو بنیادی ضرورت کی یہ اہم چیز مناسب نرخوں پر دستیاب ہو۔ شہری حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ آٹے کی مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے بھی موثر اقدامات کیے جائیں اور بلوچستان کے مختلف اضلاع میں آٹے کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔

### بقیہ صباء 15

وی کے ساتھ حالیہ انٹرویو کے دوران کہا کہ اگر کسی ملک نے بھی ایران کو امریکی پابندیوں سے بچانے اور آمدنی حاصل کرنے کے لیے سہولت فراہم کی تو امریکا ان ممالک پر بھی پابندیاں عائد کرے گا۔ روس کی جانب سے ایران کی حمایت کے حوالے سے روبیو نے کہا کہ ماسکو کا موقف واشنگٹن سے مختلف ہے تاہم کسی بھی ملک کی جانب سے ایران کو فراہم کی جانے والی مدد امریکا کو اپنے دفاع کے لیے ضروری کارروائی سے نہیں روک سکتی۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو جوہری ہتھیار کے حصول سے روکنا امریکا کا بنیادی اور مرکزی مقصد ہے اور جب تک صدر ڈونلڈ ٹرمپ اقتدار میں ہیں، ایران کو جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ آبنائے ہرمز کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے امریکی وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران تجارتی بحری جہازوں کو مسلسل نشانہ بنا رہا ہے، امریکا ان تمام خطرات کو نشانہ بناتا رہے گا جو امریکی افواج یا عالمی بحری آمد و رفت کے لیے فوری خطرہ بنیں گے۔ روبیو نے کہا کہ آبنائے ہرمز کھلی رہے گی اور اس بحری راستے کو ایران کے کنٹرول میں نہیں جانے دیا جائے گا۔ انہوں نے ایران کے ساتھ سابقہ انتظامات کی جانب واپسی کے امکان کو بھی مسترد کرتے ہوئے کہا کہ جب تک ایران جوہری ہتھیار کے حصول کی کوشش جاری رکھے گا، اس پر معاشی دباؤ برقرار رہے گا۔ روبیو نے ایران کی معیشت کو تباہ حال قرار دیتے ہوئے الزام عائد کیا کہ پابندیوں میں نرمی یا دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی رقم ایرانی عوام اور ملک کی ترقی پر خرچ کرنے کے بجائے حزب اللہ، حماس اور عراق میں موجود مسلح گروہوں کی مالی معاونت پر خرچ کی جاتی ہے۔ بقول مارکو روبیو کے امریکی معاشی حکمت عملی کا مقصد صرف ایرانی حکومت کو سزا دینا نہیں بلکہ اسے ایسے مالی وسائل تک رسائی سے روکنا بھی ہے جنہیں دہشت گرد تنظیموں کی معاونت اور جوہری ہتھیار کے حصول کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

### بقیہ صباء 16

نشست اور بلوچستان کے شاہراہ منصوبوں کی تکمیل ہنگامی بنیادوں پر کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس دوران چیئرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی اور وفاقی سیکرٹری مواصلات بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کوئٹہ، ژوب اور ڈیرہ اسماعیل خان قومی شاہراہ کے ڈوئل کیرج وے منصوبے کو انتہائی تیز رفتار بنیادوں پر مکمل کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ گورنر بلوچستان نے اس پیش رفت کو صوبے کی ترقی اور قومی معیشت کیلئے ایک اہم اور لائق تحسین اقدام قرار دیا۔ گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اس اہم شاہراہ کی تکمیل سے بلوچستان کے عوام کو ملک کے دیگر صوبوں کی بڑی تجارتی منڈیوں تک تیز، محفوظ اور آسان رسائی حاصل ہوگی جبکہ مسافروں کو جدید سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں کا جدید نیٹ ورک صرف فاصلے کم نہیں کرتا بلکہ تجارت، روزگار اور سرمایہ کاری کے نئے راستے بھی کھولتا ہے۔ گورنر بلوچستان نے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی جانب سے ژوب بائی پاس کی جلد تکمیل کیلئے فوری طور پر فنڈز کا بندوبست کرنے پر ان کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور اس اقدام کو بلوچستان بھر کے عوام کیلئے خوش آئند قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ، ژوب اور ڈیرہ اسماعیل خان ڈوئل کیرج وے کی ہنگامی بنیادوں پر تکمیل کا عوام دوست فیصلہ اور ژوب بائی پاس کیلئے فوری فنڈز کا بندوبست اس امر کا مظہر ہے کہ وفاقی سطح پر بلوچستان کی بنیادی ڈھانچے کی ضروریات کو اہمیت دی جا رہی ہے۔ گورنر مندوخیل نے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان اور ان کی پوری ٹیم کی ذاتی دلچسپی اور عملی اقدامات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مضبوط مواصلاتی رابطے ہی بلوچستان کو قومی معیشت، خطے کی تجارت اور سینٹرل و جنوبی ایشیا کی بڑی منڈیوں سے موثر طور پر جوڑنے کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے امید ظاہر کی کہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے بلوچستان میں معاشی سرگرمیوں کو نئی رفتار ملے گی، تجارت کے حجم میں اضافہ ہوگا اور صوبے کے عوام کیلئے ترقی اور خوشحالی کے نئے امکانات پیدا ہوں گے۔

### بقیہ صباء 17

کار لا رہی ہے۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے ان خیالات کا اظہار چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ رانا مشہود احمد خان نے وزیراعظم کو وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری اقدامات، منصوبوں اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیراعظم نے نوجوانوں کو جدید تعلیم و تربیت اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ ہنر فراہم کرنے، ڈیجیٹل معیشت میں ان کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے، روزگار اور کاروبار کے مواقع بڑھانے سمیت وزیراعظم یوتھ پروگرام کے مختلف منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ملاقات میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری تعلیمی، ہنرمندی، ڈیجیٹل اور فلاحی پروگراموں کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے اور ان کے موثر و شفاف نفاذ پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ نوجوان ہمارا سب سے قیمتی اثاثہ اور پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کو مزید موثر، نتیجہ خیز اور نوجوانوں کی حقیقی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جائے جبکہ ترجیحی منصوبوں پر عملدرآمد کی رفتار مزید تیز کی جائے۔

### بقیہ صباء 18

وزیر احسن اقبال اور خواجہ سلمان رفیق شامل ہیں۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن بھی مذاکرات میں شریک ہیں۔ جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیم کی قیادت نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ کر رہے ہیں جبکہ کمیٹی کے دیگر ارکان میں ڈپٹی سیکرٹری فراست شاہ، امیر اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا، امیر لاہور ضیاالدین انصاری اور نوید علی بیگ شامل ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے عوام کے لیے ریلیف پیکج پیش کیے جانے کی صورت میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن بھی حکومتی وفد سے ملاقات کریں گے۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی کی جانب سے پیٹرولیم لیوی اور مہنگی بجلی سمیت عوامی مسائل کے خلاف ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال جاری ہے۔

### بقیہ صباء 19

ٹیلی کام سے جاری بیان کے مطابق لیپ کانفرنس 2026 کے موقع پر پاکستان کی قومی آئی ٹی حکمت عملی کو سعودی 'وژن 2030' سے ہم آہنگ کرنے کے لئے مشترکہ ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا۔ ریاض کی 'لیپ' کانفرنس میں پاکستان کی 50 سے زائد ٹیک کمپنیوں اور 25 سٹارٹ اپس شریک ہیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ کوئی بھی ملک تنہا یا الگ تھلگ رہ کر ترقی نہیں کر سکتا، تکنیکی ترقی کے لئے عالمی تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیپ کانفرنس 24 کروڑ پاکستانیوں اور تیزی سے بڑھتے ہوئے ٹیک ایکوسسٹم کی عکاسی کرتی ہے، ٹیکنالوجی میں آگے بڑھنے کے لئے شعبہ جاتی رکاوٹیں ختم کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات صرف تجارت تک محدود نہیں ہیں، ہمارے نوجوان تخلیقی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

### بقیہ صباء 20

کانفرنس کی۔ احسن اقبال نے کہا حکومت عوامی مسائل کے لئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ جماعت اسلامی کی تحریک عوامی ریلیف کے لئے ہے، ہماری بھی یہی کوشش ہے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جائے۔ ہم اس سلسلے میں جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیم کے ساتھ بات چیت کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا مفاد سب کے لئے مقدم ہونا چاہیے۔ ہمیں یہ کوشش کرنی چاہیے کہ ایسے حالات پیدا کرنے سے گریز کریں جن سے دشمن کو فائدہ اٹھانے کا موقع ملے۔ انہوں نے کہا کہ حافظ نعیم نے یقین دلایا ہے کہ دھرنوں کے دوران کوئی اشتعال انگیزی نہیں کی جائے گی۔ جبکہ حکومت نے ان کی تجاویز سننے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ جماعت اسلامی بھی ایک کمیٹی تشکیل دے جو حکومتی مذاکراتی کمیٹی کو پیٹرولیم لیوی میں کمی اور مہنگائی کے کنٹرول کے لئے تجاویز دے۔ حکومت ان تجاویز پر مکمل طور پر عملدرآمد کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو خطے میں کشیدگی کے باعث ہونے والی مہنگائی اور اس عام آدمی کو درپیش مشکلات کا بخوبی ادراک ہے۔

### بقیہ صباء 21

عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر نے آزاد کشمیر میں حالیہ انتخابات کے حوالے سے بھی وزیراعظم کو بریفنگ دی۔ وزیراعظم نے آزاد کشمیر کے انتخابات کے انعقاد اور انتخابی عمل کے حوالے سے انجینئر امیر مقام کی کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کے وژن اور رہنمائی کے تحت آزاد کشمیر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائے گا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس حوالے سے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

### بقیہ صباء 22

بھٹو زرداری نے کارروائی میں بھارتی اسپانسرڈ دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کے جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بہادری کو سراہتے ہوئے کہا کہ ملک کی سرحدوں کی حفاظت کیلئے سکیورٹی فورسز کی خدمات اور قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری سکیورٹی فورسز کی چوکس نگاہیں اور لازوال قربانیاں پاکستان کیلئے ایک مضبوط ڈھال ہیں۔ جوان اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر وطن عزیز کے دفاع اور عوام کے تحفظ کیلئے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ دہشتگردی کو پاکستان میں امن اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ بننے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے قومی سطح پر متحد ہو کر مؤثر حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان کے خلاف ہمسایہ سرزمین کے استعمال کو روکنے کیلئے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ کسی بھی ملک کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشتگردی کیلئے استعمال نہیں ہونی چاہیے اور اس حوالے سے تمام ضروری اقدامات کیے جانے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ قوم کو اپنے جوانوں کی قربانیوں اور خدمات پر فخر ہے، جبکہ دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کو کسی صورت کمزور نہیں ہونے دیا جائے گا۔ بلاول بھٹو زرداری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور عوام کے تحفظ کیلئے دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی اور ملک دشمن عناصر کو ان کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

### بقیہ صباء 23

ایسا سبب دعویٰ تشکیل نہیں دے سکتی جو اصل کورٹ کے سامنے پیش ہی نہ کیا گیا ہو۔ جسٹس محمد علی مظہر کی سربراہی میں جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس عرفان سعادت خان پر مشتمل سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے یہ فیصلہ میسرز کریسنٹ سیونگ ملز لمیٹڈ کی جانب سے لاہور ہائیکورٹ کے 7 فروری 2019 کے فیصلے کے خلاف دائر سول پٹیشن پر سنایا۔ عدالت نے تفصیلی تحریری فیصلے میں قرار دیا کہ سول مقدمات میں عمومی اصول یہ ہے کہ عدالت دعوے میں واضح طور پر طلب کیے گئے ریلیف سے تجاوز نہیں کر سکتی۔ فیصلے میں الٹرا پیٹیٹا اور ایکسٹرا پیٹیٹا کے اصولوں کی وضاحت کرتے ہوئے کہا گیا کہ عدالت کا دائرہ اختیار ان معاملات تک محدود ہوتا ہے جو فریقین کی جانب سے حل کے لیے اس کے سامنے پیش کیے گئے ہوں۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ محض یہ عمومی استدعا کہ عدالت مناسب اور موزوں سمجھے تو کوئی اور ریلیف بھی دے سکتی ہے، ایسے ریلیف کی بنیاد نہیں بن سکتی جس کا دعوے میں واضح طور پر مطالبہ نہ کیا گیا ہو، جب تک وہ ریلیف ریکارڈ پر موجود حقائق اور شواہد سے مکمل طور پر ہم آہنگ نہ ہو۔ فیصلے کے مطابق اپیلٹ کورٹ ضابطہ دیوانی کے آرڈر 41 رول 33 کے تحت فریقین کے درمیان مکمل انصاف کے لیے حکم، فیصلے یا ڈگری میں ترمیم، اس کی تشکیل نو یا ضروری تبدیلی کر سکتی ہے، تاہم اسے ایسا ریلیف دینے کا اختیار نہیں جو کبھی دعوے میں طلب ہی نہ کیا گیا ہو۔ عدالت نے کہا کہ ریلیف کو ڈھالنے کا اصول پہلے سے ریکارڈ پر موجود حقائق اور شواہد پر مبنی ہوتا ہے، اس کے ذریعے ایک بالکل نیا کیس نہیں بنایا جا سکتا۔ مقدمے کے حقائق کے مطابق ٹی بینک نے 1995 میں کریسنٹ سیونگ ملز کے خلاف تقریباً 7 کروڑ 62 لاکھ روپے کی رقم کی وصولی کا دعویٰ دائر کیا تھا۔ بینکنگ کورٹ نے 15 اکتوبر 1999 کو دعویٰ منظور کرتے ہوئے رقم کی ڈگری جاری کی تاہم مارک اپ یا لیکویڈیٹڈ ڈیمیجز کا دعویٰ منظور نہیں کیا۔ بعد ازاں بینک کی جانب سے ضابطہ دیوانی کی دفعہ 152 کے تحت درخواست دائر کی گئی جس پر ڈگری میں مقدمہ دائر ہونے کی تاریخ سے رقم کی ادائیگی تک مارک اپ شامل کر دیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے بھی اس ترمیم کو برقرار رکھا تھا۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ بینک کی اصل درخواست میں مقدمہ دائر ہونے سے وصولی تک مارک اپ کا دعویٰ موجود نہیں تھا اس لیے اسے محض ضابطہ دیوانی کی دفعہ 152 کے تحت ڈگری میں شامل نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت نے درخواست گزار کی سول پٹیشن منظور کرتے ہوئے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کا جائزہ لیا اور واضح کیا کہ 1997 کے بینکنگ قانون کے تحت منتقل ہونے والے مقدمات میں عدالت کو کارروائی اسی مرحلے سے جاری رکھنی ہوتی ہے جہاں سابقہ قانون کے تحت کارروائی پہنچی تھی، تاہم اس منتقلی سے فریقین کے بنیادی حقوق اور دعوے کی نوعیت تبدیل نہیں ہوتی۔ فیصلہ جسٹس محمد علی مظہر نے تحریر کیا۔

### بقیہ صباء 24

کارروائی سے حذف کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ مشترکہ قرارداد صوبائی وزیر میر علی مدد جتک نے پیش کی، جبکہ صوبائی وزرا میر ضیا اللہ لانگو، نور محمد دمڑ اور بخت کاکڑ سمیت ارکان اسمبلی برکت رند، اسفندیار کاکڑ، ہادیہ نواز اور فرح عظیم شاہ بھی قرارداد کے محرکین میں شامل ہیں۔ قرارداد پیش کرتے ہوئے میر علی مدد جتک نے کہا کہ صوبائی وزیر صادق عمرانی کے الفاظ سے صوبے کے عوام کی دل آزاری ہوئی ہے، اس لیے 31 اگست کے اجلاس میں کی گئی تقریر کی مذمت کی جاتی ہے اور متنازع الفاظ کو اسمبلی کی کارروائی سے حذف کیا جائے۔ میر علی مدد جتک نے کہا کہ صوبائی وزیر صادق عمرانی نے 235 افراد کو اسلام آباد بلا کر بے عزت کیے جانے کی بات کی، تاہم ان کے مطابق بلوچستان کے لوگوں کو مذکورہ کانفرنس میں بہت عزت دی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ جس شخص کو ان کی جماعت نے پارلیمانی لیڈر بنایا، وہ کبھی کچھ کہتے ہیں اور کبھی کچھ کہتے ہیں۔ انہوں نے صادق عمرانی کی جانب سے استعمال کیے گئے الفاظ کو صوبے کے عوام کے لیے تکلیف دہ قرار دیتے ہوئے قرارداد کے ذریعے اس پر احتجاج ریکارڈ کرایا۔ قرارداد میں مطالبہ کیا گیا کہ 31 اگست کے اسمبلی اجلاس میں صوبائی وزیر صادق عمرانی کی تقریر کے دوران استعمال کیے گئے قابل اعتراض الفاظ کو اسمبلی کی کارروائی سے حذف کیا جائے۔

### بقیہ صباء 25

عناصر پاکستان کے امن، استحکام اور ترقی کو نقصان پہنچانے کے مذموم عزائم رکھتے ہیں، تاہم ریاستی ادارے اور پاکستانی قوم ان کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے متحد ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ کسی ایک ادارے یا صوبے کی جنگ نہیں بلکہ پوری قوم کی جنگ ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود کی برآمدگی ان کے مذموم عزائم اور پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے منصوبوں کو مزید بے نقاب کرتی ہے۔ غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے شمار قربانیاں دی ہیں، ہمارے سکیورٹی اہلکاروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور شہریوں نے اپنے خون سے امن کی بنیاد مضبوط کی ہے۔ قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور معاونت کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی ہی ملک میں پائیدار امن کی ضمانت ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان کی سرزمین پر کسی بھی دہشت گرد گروہ کو امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ ملکی خودمختاری، قومی سلامتی اور سرحدوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ میر سرفراز بگٹی نے سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام تک قومی عزم اور جدوجہد جاری رہے گی۔

### بقیہ صباء 26

ایرو اسپیس فورس کے 4 اہلکار جبکہ لاوان جزیرے پر حملے میں نیم فوجی دستے بسیج کے 3 اہلکار شہید ہوئے۔ صوبہ خوزستان میں امریکی میزائل حملوں میں 7 افراد شہید اور 8 زخمی ہوئے، جبکہ ہرمزگان کے شہر سیرک میں شادی کی تقریب پر امریکی حملے میں بچے سمیت 5 افراد شہید اور 68 زخمی ہوئے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اہواز، چابہار، قشم اور بندر عباس میں بھی دھماکے سنے گئے، جبکہ جیرفت ایئرپورٹ کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ خلیج فارس کے ساحل پر واقع اہم گیس مرکز عسلویہ میں بھی دھماکے ہوئے۔ ادھر ایک بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران پر حملوں کی نئی مہم زیادہ دیر تک جاری نہیں رہے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران اپنے ریڈار اور میزائل نظام کو دوبارہ تعمیر کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایران ایسا راکٹ بنانے کی کوشش کر رہا تھا جو بارودی سرنگیں بچھا سکتا ہے، ہم نے اسے تباہ کر دیا۔

### بقیہ صباء 27

سلامتی ہم سب کو بہت عزیز ہے، مکہ معاہدے سے کسی کو خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ طاہر محمود اشرفی نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ دفاعی معاہدے کے اثرات ہیں کہ اب نیتن یاہو گریٹر اسرائیل کا نعرہ نہیں لگا رہا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب نے ایران کو یقین دہانی کروا دی تھی کہ اس کی سرزمین ایران کے خلاف استعمال نہیں ہوگی۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ شاہ سلمان کی سوچ تھی کہ امت کو معاشی طور پر مضبوط کرنا ہے، اس لیے مکہ معاہدے کو بڑے کینوس پر دیکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دیگر ممالک بھی اس معاہدے میں شامل ہونے کے لیے تیار ہیں۔

### بقیہ صباء 28

ملک کے 24 اگست کے تحریری بیان کو شہادت کا حصہ قرار دے دیا گیا ہے۔ یاسین ملک نے حلف نامے میں کہا کہ بھارتی حکومت مجھے 36 سال بعد ایک جھوٹے مقدمے میں ملوث کر کے پھانسی دینے کی سازش کر رہی ہے، بھارتی عدالتوں سے انصاف کی توقع نہیں، عدالت سزائے موت بھی عائد کرے تو کشمیر کے لیے قبول ہے، عدالتی سزا قبول کرنے کا مطلب عائد جرم قبول کرنا نہیں ہے۔ حلف نامے میں یاسین ملک نے 1990 کے سرلا بھٹ قتل کیس میں ملوث ہونے کے الزام کی دو ٹوک تردید کی، انہیں سرلا بھٹ کی لاش کے ساتھ پڑے مبینہ جے کے ایل ایف نوٹ کی بنیاد پر مقدمے میں شامل کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سرلا بھٹ کے قتل سے 11 روز قبل شدید زخمی ہونے کے باعث قتل کی منصوبہ بندی یا ہدایات دینا ممکن نہیں تھا، بھارتی ایجنسیوں نے پاکستان سے تعلقات بڑھانے کو کہا اور بعد میں اسی کو میرے خلاف بطور ثبوت پیش کیا گیا، واجپائی حکومت کے دور میں اجیت دوول، برجیش مشرا اور آر کے مشرا نے پاک بھارت تعلقات میں مثبت کردار ادا کرنے کو کہا۔ یاسین ملک کے مطابق 2019 اور 2024 کے انتخابات میں پاکستان مخالف پالیسی کے طور پر میرا نام، تصویر اور عدالتی کارروائیوں کو سیاسی بیانیے کے لیے استعمال کیا گیا۔ یاسین ملک نے مشعال ملک کو طویل قید اور ممکنہ پھانسی کے انتظار کی زندگی سے آزاد کرنے کی خواہش کا اظہار کیا اور کہا کہ آپ نے بہادری کیساتھ میرا ساتھ دیا، اب میں آپ کو اپنی رفاقت سے آزاد کرتا ہوں۔ یاسین ملک نے بیٹی کو دادی سے بات چیت کرتے رہنے کی تلقین کی اور کہا کہ دادی کا غم آپ نے بانٹنا ہے، اپنا مقدمہ اور ضمیر کی آواز عدالت کے سامنے رکھ دی، باقی فیصلہ اللہ پر چھوڑتا ہوں۔ دوسری جانب سیاسی ماہرین کا اس معاملے پر کہنا ہے کہ یاسین ملک کا ٹرائل مودی حکومت کی ایک معتبر کشمیری آواز کو سیاسی دباؤ سے خاموش کرنے کی ناکام کوشش ہے، یاسین ملک سمیت تمام کشمیری حریت پسند طویل قید اور بھارتی ریاستی جبر کے باوجود ثابت قدم رہے۔ سیاسی ماہرین کے مطابق بھارت آواز کو خاموش کر سکتا ہے مگر کشمیری نظریہ حریت کو دبا نہیں سکتا، اقوام متحدہ کو سیاسی قیدیوں کی رہائی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

### بقیہ صباء 29

سے متعلق امور کے حل، قیمتوں میں استحکام اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام کے لیے تمام صوبوں، وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق اور وزارت تجارت کی جانب سے تعاون اور باہمی رابطہ کو سراہا۔ انہوں نے پاسکو کو ہدایت کی کہ ای سی سی اور سٹیئرنگ کمیٹی کے منظور کردہ کوٹے کے مطابق صوبوں کو فوری طور پر گندم فراہم کی جائے۔ انہوں نے صوبوں کو بھی ہدایت کی کہ گندم کی بروقت ادائیگی کریں اور اپنا حصہ وقت پر اٹھائیں۔ اجلاس میں ایک ملین میٹرک ٹن تک گندم درآمد کرنے کے فیصلے کا اعادہ کیا گیا جس کے لیے ٹی سی پی کو فوری طور پر عملدرآمد شروع کرنے کی ہدایت کی گئی۔ پہلے مرحلے میں 250,000 میٹرک ٹن گندم درآمد کی جائے گی جس کی ترسیل نومبر میں مقرر کی گئی ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ تمام متعلقہ ادارے قریبی رابطہ کے ساتھ کام جاری رکھیں تاکہ ملک بھر میں گندم کی وافر دستیابی، قیمتوں میں استحکام اور صارفین کو ریلیف یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق، وفاقی وزیر تجارت، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹری تجارت اور قومی غذائی تحفظ و تحقیق، صوبائی حکومتوں کے نمائندگان اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کے سینئر افسران نے شرکت کی۔

### بقیہ صباء 30

اور چوٹ کے نشانات بھی پائے گئے ہیں۔ سول اسپتال کے ذرائع کے مطابق بچی کے جسم سے حاصل کیے گئے نمونے مزید تجزیے کے لیے پنجاب کی فرانزک لیبارٹری، لاہور بھجوائے جائیں گے، جبکہ پوسٹ مارٹم رپورٹ متعلقہ تفتیشی افسر کے حوالے کیے جانے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ کوئٹہ کے علاقے احمد وال میں کمسن بچی کی مبینہ زیادتی اور تشدد کے بعد ہلاکت کا واقعہ پیش آیا تھا۔ پولیس کے مطابق بچی کے قتل کے الزام میں تین ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے، جن سے تفتیش جاری ہے۔ واقعے کے مزید شواہد اور فرانزک رپورٹ سامنے آنے کے بعد تحقیقات میں مزید پیش رفت متوقع ہے۔

### بقیہ صباء 31

امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ جانبر نہ ہو سکے۔ واقعے کے بعد حملہ آور موقع سے فرار ہو گئے، جبکہ اطلاع ملنے پر پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کیے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے مختلف پہلوؤں سے تفتیش جاری ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مقتول معروف تاجر تھے، اطلاعات کے مطابق تقریباً آٹھ ماہ قبل حاجی صلاح الدین خان نورزئی کے بیٹے کو بھی نامعلوم افراد نے اغوا کیا تھا، تاہم موجودہ فائرنگ کے واقعے اور سابقہ اغوا کے درمیان کسی ممکنہ تعلق کے بارے میں پولیس کی جانب سے تاحال کوئی حتمی موقف سامنے نہیں آیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی وجوہات اور ملزمان کا تعین تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ہی کیا جا سکے گا۔ لواحقین نے گزشتہ شب ایئرپورٹ روڈ احتجاجاً بند کر دیا، عوامی حلقوں کی جانب سے شہر میں اربوں روپے مالیت کے جدید کیمرے کس لیے نصب کیے گئے تاکہ ملزمان کو گرفتار کر کے اہل خانہ کو انصاف دی جائیں۔

### بقیہ صباء 32

اسرائیل غزہ کے 60 فیصد علاقے پر کنٹرول رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کا مقصد حماس کو غیر مسلح کرنا اور غیر عسکری بنانا ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے تباہ شدہ غزہ کو تقسیم کرنے والی یلو لائن کے دورے کے موقع پر اپنے مذموم مقاصد کا اظہار بھی کیا۔ نیتن یاہو کا کہنا تھا کہ 60 فیصد غزہ پر ہمارا قبضہ ہے اور ہم مزید آگے بڑھنے والے ہیں۔

### بقیہ صباء 33

کیئر سروس صارفین کو بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات بلا معاوضہ براہ راست درج کرانے کی سہولت فراہم کرتی ہے جس کے ذریعے صارفین کسی درمیانی فرد یا نمائندے کے بغیر اپنی شکایت متعلقہ نظام میں درج کرا سکتے ہیں۔ صارفین کو سات مختلف زبانوں میں شکایت درج کرانے، اس کی پیش رفت ٹریک کرنے اور شکایت کے ازالے کے بعد فیڈ بیک موصول ہونے کی سہولت بھی حاصل ہے، جبکہ مقررہ مدت میں شکایت کا ازالہ نہ ہونے کی صورت میں معاملہ خودکار طور پر مزید کارروائی کے لیے متعلقہ سطح تک پہنچایا جاتا ہے۔ اجلاس میں تمام ڈسکوز کی ڈسکو وائز کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے 118 پر موصول ہونے والی صارفین کی شکایات، ان کے بروقت ازالے اور مقررہ مدت سے زائد عرصے میں حل ہونے والی شکایات کا تفصیلی تجزیہ کیا گیا۔

### بقیہ صباء 34

کے لئے کوشاں ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیاسی سماجی عوامی شخصیت جنرل کونسلر میونسپل کمیٹی سبی میر اللہ داد جتوئی کی قیادت میں ملنے والے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سبی ضلع بولان کے سیاسی عوامی قبائلی نمائندگان بھی موجود تھے قبل ازیں میر اللہ داد جتوئی نے علاقائی مسئلہ مسائل کے حوالے سے تفصیلی آگہی فراہم کی اس موقع پر صوبائی وزیر ریونیو پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما میر عاصم کرد گیلو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حلقہ انتخاب سمیت بلوچستان کی ترقی اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لئے پارٹی کی جدوجہد کسی سے پوشیدہ نہیں عوام کو درپیش مسائل و مشکلات کے حل کیلئے ہر فورم پر جدوجہد کر رہی ہے تعلیم صحت پینے کے صاف پانی سڑکوں کے نظام کو درست کر کے ہم نے ہمیشہ بلارنگ و نسل عوام کی خدمت کو اپنا مقصد سمجھا عوام نے ووٹ کی طاقت سے مسلم لیگ ن پر جو اعتماد کا اظہار کیا اس کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے ہم دعوے نہیں کرتے بلکہ عملی خدمت کر کے حلقہ انتخاب سمیت بلوچستان بھر کی عوام کے مسئلہ مسائل کو حل کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان بھر میں مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف وزیراعظم میاں شہباز شریف سمیت مرکزی قائدین کی قیادت میں سیاسی میدانوں میں عوام کی خدمت کو اپنا مقصد بنا رہی ہے۔

### بقیہ صباء 35

لازوال قربانیاں اور کامیابیاں ہر محب وطن کے لیے قابل فخر اور ناقابل فراموش ہیں۔ وفاقی وزیر نے اپنے بیان میں واضح کیا کہ پاکستان کو سرحدوں پر دہشت گردی کے دوطرفہ چیلنجز کا سامنا ہے، مگر مادر وطن کے دفاع کے لیے ہماری مسلح افواج ہمہ وقت سینہ سپر ہیں۔ دہشت گردوں کے خلاف یہ نپی تلی اور بروقت کارروائیاں امن دشمن عناصر کے لیے واضح پیغام ہیں کہ پاکستان میں فتنہ و فساد پھیلانے والوں کا قلع قمع یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک فوج کے بہادر جوان ملک کے امن، بقا اور سلامتی کے لیے روزانہ قربانیاں دے رہے ہیں اور پوری قوم دہشت گردی کے خاتمے تک اپنی بہادر افواج کی جرات و بہادری کو سلام پیش کرتی ہے اور ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

### بقیہ صباء 36

کے جیل ٹرائل کا عندیہ دیا۔ مقدمے میں ملوث دیگر 4 ملزمان بھی عدالت میں پیش ہوئے۔ جج طاہر عباس سپرا نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا ایک کیس میں جیل ٹرائل شروع ہونے والا ہے۔ کیا پتا اسی کیس میں شروع ہو جائے جو میرے پاس زیر سماعت ہے۔ دوران سماعت وکلا نے عدالت سے استفسار کیا کہ آپ نے جیل ٹرائل کے لیے وزارت قانون کو جو خط لکھا تھا، اس کا جواب آ گیا ہے کیا؟ جس پر عدالت کی جانب سے وزارت قانون کو لکھے گئے خط کا جواب نہ آنے کا بتایا گیا۔ جج طاہر عباس سپرا نے مسکراتے ہوئے اگلا کیس کال کروا دیا۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی عدم دستیابی کے باعث سماعت بغیر کارروائی 29 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

### بقیہ صباء 37

ہیگ کنونشن برائے سول پہلوؤں سے متعلق بین الاقوامی اغوا اطفال 1980 کے اصولوں کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے گا۔ چیف جسٹس امین الدین خان، جسٹس علی باقر نجفی اور جسٹس روزی خان بریچ پر مشتمل وفاقی آئینی عدالت کے بینچ نے محمد فراز شیخ اور ایک دوسرے کی جانب سے دائر اپیل منظور کرتے ہوئے سندھ ہائیکورٹ کا 16 مارچ 2026 کا حکم کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ بچے کی تحویل کے معاملات میں عدالت کو یہ دیکھنا ہوگا کہ غیر ملکی عدالت نے کس دائرہ اختیار کے تحت فیصلہ دیا، فیصلہ میرٹ پر ہوا یا نہیں، پاکستان کے قانون کو تسلیم کیا گیا یا نہیں اور فیصلہ دھوکے یا انصاف کے بنیادی اصولوں کی خلاف ورزی کے نتیجے میں تو حاصل نہیں کیا گیا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ بچے کی منتقلی اس وقت غلط تصور ہوگی جب وہ اس ریاست کے قانون، عدالتی یا انتظامی فیصلے یا قانونی معاہدے کی خلاف ورزی ہو جہاں بچہ منتقلی سے قبل معمول کے مطابق مقیم تھا۔ وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا کہ اگر بچہ کسی دوسرے ملک منتقل کیا گیا ہو تو، جب تک یہ ثابت نہ ہو کہ بچہ نئے ماحول میں آباد ہو چکا ہے، اسے اس ریاست واپس بھیجنے کے اصول کو مدنظر رکھا جائے گا جہاں وہ معمول کے مطابق مقیم تھا۔ عدالت نے واضح کیا کہ بچے کی واپسی کے معاملے کا فیصلہ بچے کی مستقل تحویل کے حق کا حتمی تعین نہیں سمجھا جائے گا، جبکہ بچے کی غلط منتقلی یا روکے جانے سے متعلق اطلاع ملنے کے بعد عدالتیں واپسی کے معاملے کا فیصلہ ہونے تک تحویل کے اصل حق کے میرٹ پر فیصلہ نہیں کریں گی۔ فیصلے کے مطابق موجودہ مقدمے میں کمسن بچہ امریکی شہری ہے

### بقیہ صباء 38

کر جن لوگوں نے ان آبادیوں کو آباد کروایا، ان افسران کے خلاف کیا کارروائی ہوئی، بتایا جائے۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ رکن کمیٹی رعنا انصر نے کہا کہ بلوچستان کے حالات کے حوالے سے کمیٹی نے کہا کہ اراکین کو بلوچستان لے کر جایا جائے گا، وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا کہ بلوچستان میں داخلہ کمیٹی کے اراکین کو لے جانے پر تیار ہیں، بلوچستان سے 200 لوگوں کو بلایا گیا، ان کے ساتھ تمام اسٹیک ہولڈرز کی بات ہوئی، پہلے ان لوگوں نے جو ملاقاتیں کی ہیں، ان کی رپورٹ دیکھ لیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے خصوصی طور پر ہدایت کی ہے کہ جو بھی وسائل چاہئیں، سکیورٹی فورسز کو دیے جائیں۔

### بقیہ صباء 39

بھر میں امن و استحکام کے لیے سکیورٹی فورسز کے جوان اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں اور قوم ان کی خدمات اور قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، ظہور احمد بلیدی، سلیم کھوسہ اور محمد خان لہڑی نے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزراء نے کہا کہ یوم دفاع ہمیں ان بہادر سپوتوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے مادر وطن کے دفاع، سلامتی اور خودمختاری کے لیے اپنی جانوں کی پرواہ نہیں کی۔ شہداء کی قربانیاں پوری قوم کے لیے مشعل راہ ہیں اور پاکستانی قوم اپنے شہداء اور ان کے خاندانوں کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج اور عوام نے ہمیشہ ملک کی سلامتی کے لیے یکجہتی کا مظاہرہ کیا ہے۔ آج بھی ملک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ قومی اتحاد، باہمی اتفاق اور ذمہ داری کے ساتھ کیا جا سکتا ہے۔ صوبائی حکومت امن، ترقی اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ صوبائی وزراء کا کہنا تھا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں امن و استحکام کے لیے سکیورٹی فورسز کے جوان اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں اور قوم ان کی خدمات اور قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی اور بدامنی کے خلاف جنگ میں بھی قوم اور سکیورٹی فورسز کے درمیان اعتماد اور یکجہتی انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر کا دن ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ جب قوم متحد ہو تو بڑے سے بڑے چیلنج کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ آج ہمیں شہداء کے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے ملک کی ترقی، خوشحالی، امن اور استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ صوبائی وزراء نے شہداء کے درجات کی بلندی اور ملک کی سلامتی، استحکام اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم یوم دفاع کے موقع پر اس عزم کی تجدید کرے کہ پاکستان کی سالمیت، خودمختاری اور امن کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

### بقیہ صباء 40

افواج پاکستان کے بہادر جوانوں نے بے مثال شجاعت، جرات اور حب الوطنی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مادر وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے اور دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع دراصل ان عظیم شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے جنہوں نے وطن عزیز کی آزادی، سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے اپنی زندگیاں وقف کیں۔ 6 ستمبر 1965 کو افواج پاکستان کے جوانوں نے جس عزم، بہادری اور قربانی کا مظاہرہ کیا، وہ ہماری قومی تاریخ کا سنہری باب ہے اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پاک فوج، پاک بحریہ اور پاک فضائیہ کے افسران و جوانوں نے ہر مشکل گھڑی میں وطن کے دفاع کا فریضہ احسن انداز میں انجام دیا ہے۔ ملکی سرحدوں کی حفاظت سے لے کر دہشت گردی کے خلاف جنگ، قدرتی آفات اور دیگر ہنگامی حالات میں عوام کی مدد تک افواج پاکستان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ قوم اپنے شہداء کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی اور ان کے خاندانوں کی قربانیوں کو بھی قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء نے اپنے خون سے پاکستان کے دفاع کو مضبوط کیا اور ثابت کیا کہ وطن کی سلامتی سے بڑھ کر کوئی چیز عزیز نہیں۔ ہمارے شہداء نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر قوم کو یہ پیغام دیا کہ پاکستان کے دفاع اور سالمیت کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ یوم دفاع ہمیں قومی اتحاد، یکجہتی، نظم و ضبط اور حب الوطنی کا درس دیتا ہے۔ آج ہمیں چاہیے کہ ہم ذاتی، سیاسی اور گروہی اختلافات سے بالاتر ہو کر پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے متحد ہو جائیں۔ ایک مضبوط معیشت، مستحکم جمہوریت، قانون کی بالادستی اور قومی یکجہتی ہی شہداء کے خوابوں کی حقیقی تعبیر ہے۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج اور پوری قوم ملک کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے معاملے پر یکجا ہیں۔ دشمن کی کسی بھی جارحیت اور ناپاک سازش کا مقابلہ قومی اتحاد، عزم اور حوصلے کے ساتھ کیا جائے گا۔ پاکستان کی سرزمین اور اس کی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کا دفاع پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے، انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہم وطن عزیز کے تمام شہداء، بالخصوص افواج پاکستان کے شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں اور ان کے بلند درجات کے لیے دعا گو ہیں۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہمیشہ امن، ترقی، خوشحالی اور استحکام عطا فرمائے اور ہماری بہادر افواج کو ملک و قوم کی حفاظت کے لیے مزید قوت، استقامت اور کامیابی عطا کرے۔

### بقیہ صباء 41

اظہار کیا ہے۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ نوٹس لیتے ہوئے قتل میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور مقتول کے اہل خانہ کو انصاف فراہم کیا جائے۔ ایک بیان میں سینیٹر کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ نے کہا کہ صلاح الدین نورزئی کا بہیمانہ قتل انتہائی افسوسناک اور تشویشناک واقعہ ہے، جس نے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے کئی سنجیدہ سوالات اٹھا دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی شہری کا اس طرح بے دردی سے قتل ہو جانا محض ایک خاندان کا نقصان نہیں بلکہ پورے معاشرے کے لیے باعث تشویش ہے انہوں نے کہا کہ ایک سال قبل صلاح الدین نورزئی کا بیٹا لاپتہ ہوا اور اب باپ کو بھی قتل کر دیا گیا، ایسے واقعات نے اہل خانہ کے دکھ اور کرب میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ ایک ہی خاندان کو پہلے اپنے بیٹے کی گمشدگی کا صدمہ برداشت کرنا پڑا اور اب خاندان کے سربراہ کو بھی المناک انداز میں قتل کر دیا گیا، جس کی مکمل تحقیقات اور حقائق منظر عام پر لانا ضروری ہے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ریاست اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ ریاستی اداروں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ شہریوں کو تحفظ فراہم کریں اور معاشرے میں قانون کی بالادستی کو یقینی بنائیں۔ اگر شہری اپنے گھروں، کاروبار اور روزمرہ زندگی میں خود کو محفوظ محسوس نہ کریں تو یہ صورتحال حکومت کی رٹ اور ریاستی ذمہ داری کے حوالے سے سنجیدہ سوالات پیدا کرتی ہے انہوں نے کہا کہ صلاح الدین نورزئی کا قتل ایک فرد کا قتل نہیں بلکہ امن و امان کی مجموعی صورتحال پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ ایسے واقعات میں ملوث عناصر کو قانون کی گرفت میں لانا انتہائی ضروری ہے

### بقیہ صباء 42

مزید تفتیش جاری ہے۔ ایف آئی اے نے ڈی آئی خان میں کارروائی کرتے ہوئے محمد تنویر، شاہد حسین اور عبدالشکور کو گرفتار کیا۔ فیصل آباد سے 13 اشتہاری ملزمان اور اسمگلروں کو گرفتار کیا گیا۔ ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان لوگوں کو بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر بھاری رقوم بٹور کر فرار ہو گئے تھے۔ گرفتار ملزمان میں حسام ریاض، منظور عباس، رانا گلزار، امجد حسین، محمد وسیم، محمد افضل اور عاصم جمیل شامل ہیں۔ فیصل آباد سے گرفتار دیگر ملزمان میں نوید محمد سلیم، علی نوشیروان، خرم شہزاد، اشفاق احمد اور ظہیر اقبال شامل ہیں۔ بہاولپور سے 2 اشتہاری ملزمان عطا محمد اور رشید بلوچ کو گرفتار کیا گیا۔ ایف آئی اے کے مطابق کراچی میں کارروائی کرتے ہوئے محمد شہزاد، حبیب الرحمان اور حافظ محمد ادریس کو گرفتار کیا گیا۔ اسلام آباد میں کارروائی کے دوران احسان اللہ خان، عبدالواحد اور محمد عثمان کو گرفتار کیا گیا۔ ایف آئی اے کے مطابق ملک بھر میں انسانی اسمگلروں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ گرفتار کیے گئے تمام ملزمان سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

### بقیہ صباء 43

سٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ وفاقی وزیر کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے کے تحت 30 بستروں پر مشتمل ہسپتال، سکول، مزدور کالونی اور سولر انرجی سہولیات کی تعمیر شروع ہو چکی ہے۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور نے کہا کہ گڈانی ملکی بحری معیشت اور سٹیل سکریپ مارکیٹ میں اہم کردار ادا کرتا ہے، تاہم روایتی شپ بریکنگ طریقوں کو محفوظ، جدید اور ماحول دوست شپ ری سائیکلنگ نظام میں تبدیل کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے میں طبی عملے کے لیے رہائش، مزدور کالونی، پبلک پارک اور تقریباً 32 کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر بھی شامل ہے جبکہ صنعتی اور خطرناک فضلے کے ذخیرہ اور تلفی کے لیے سہولیات، فائر اینڈ ریسکیو سروسز اور پانی کی فراہمی و ٹریٹمنٹ کا نظام بھی قائم کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جدید کاری کے عمل میں مزدوروں کی صحت، حفاظت اور فلاح کو مرکزی حیثیت حاصل ہونی چاہیے۔ گڈانی کو ذمہ دار شپ ری سائیکلنگ کا ایسا ماڈل بنانا ہے جہاں معاشی سرگرمی، مزدوروں کے تحفظ اور ماحولیاتی پائیداری ساتھ ساتھ آگے بڑھیں۔ انہوں نے کہا کہ گڈانی کی اپ گریڈیشن سے سرکلر اکانومی کو بھی فروغ ملے گا کیونکہ ناکارہ بحری جہازوں سے سٹیل اور دیگر مواد کا بہتر استعمال ممکن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ شپ ری سائیکلنگ صرف بحری شعبے کی سرگرمی نہیں بلکہ اس کا براہ راست تعلق سٹیل سکریپ کی معیشت، روزگار اور صنعتی سپلائی چین سے ہے۔

### بقیہ صباء 44

اور بااختیاری کے بغیر معاشرے کی حقیقی ترقی ممکن نہیں بلوچستان کی خواتین نے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اور صوبے کی ترقی میں ان کا کردار قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں معاشرے میں مزید فعال کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ خواتین کی تعلیم، ہنرمندی اور معاشی خودمختاری کے لیے اقدامات کو مزید موثر بنایا جا رہا ہے۔

تلاش گمشدہ

میری 70 CD Honda موٹر سائیکل کے CSD ڈاکومنٹس کہیں گم ہو گئے ہیں۔ اگر کسی بھائی کو یہ ڈاکومنٹس ملیں تو براہ کرم درج ذیل نمبر / پتہ پر اطلاع دیں۔
نام: ندیم مسیح
ولدیت: چمن مسیح
CNIC 1-74420-0[illegible]60-[illegible]
Engine No [illegible]7688
Chassis No 5362[illegible]
موبائل نمبر 6822[illegible]348